SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, August 19, 1993

The Senate of Paksitan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty five minutes after ten of the clock in the morning, with Madam Acting Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai)in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمٰن الرحیم

لا اقسم بموقع النجوم- وانه لقسم لو تعلمون عظیم- انه لقرأن کریم-
فی کتاب مکنون- لا یمسه الا المطهرون- تنزیل من رب العٰلمین-
افبهٰذاالحدیث انتم مدهنون- و تجعلون رزقکم انکم تکذبون- فلو لا
اذا بلغت الحلقوم- و انتم حینئذ تنظرون- و نحن اقرب الیه منکم و
لٰکن لا تبصرون-

ترجمہ - ہمیں تاروں کی منزلوں کی قسم- اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے- کہ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے- (جو) کتاب محفوظ میں لکھا ہوا ہے- اس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں- پروردگار عالم کی طرف سے اتارا گیا ہے- کیا تم اس کلام سے انکار کرتے ہو؟ اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ (اسے) جھٹلاتے ہو- بھلا جب روح گلے میں آ پہنچتی ہے- اور تم اس وقت (کی حالت کو) دیکھا کرتے ہو- اور ہم اس (مرنے والے) سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم کو نظر نہیں آتے-

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, August 19, 1993

The Senate of Paksitan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty five minutes after ten of the clock in the morning, with Madam Acting Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai)in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم الله الرحمٰن الرحيم

لا اقسم بموقع النجوم- وانه لقسم لو تعلمون عظيم- انه لقرأن كريم- فی كتاب مكنون- لا يمسه الا المطهرون- تنزيل من رب العٰلمين- افبهٰذاالحديث انتم مدهنون- و تجعلون رزقكم انكم تكذبون- فلو لا اذا بلغت الحلقوم- و انتم حينئذ تنظرون- و نحن اقرب اليه منكم و لٰكن لا تبصرون-

ترجمہ - ہمیں تاروں کی منزلوں کی قسم۔ اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے۔ کہ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے۔ (جو) کتاب محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔ اس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں۔ پروردگار عالم کی طرف سے اتارا گیا ہے۔ کیا تم اس کلام سے انکار کرتے ہو؟ اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ (اسے) جھٹلاتے ہو۔ بھلا جب روح گلے میں آ پہنچتی ہے۔ اور تم اس وقت (کی حالت کو) دیکھا کرتے ہو۔ اور ہم اس (مرنے والے) سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم کو نظر نہیں آتے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین- بسم اللہ الرحمن الرحیم- Question Hour-

جناب گلزار احمد خان- پوائنٹ آف آرڈر-

میڈم قائم مقام چیئرمین- پوائنٹ آف آرڈر، گلزار احمد خان-

جناب گلزار احمد خان - میں نے پرسوں کابینہ کے متعلق عرض کیا تھا کہ ہماری جو کابینہ ہے ماشا اللہ اچھے لوگوں، نیک، اور قابل اور لائق اور پڑھے لکھے، لفظ "پڑھے لکھے" لوگوں پر مشتمل ہے - اس کا کہیں میڈیا میں ذکر نہیں آیا - حالانکہ یہ کابینہ کی اچھائی کے لئے ہے اور یہ ایک logic تھی، اس میں ایک فلاسفی ہے اور اس کے متعلق میں نے یہ کہا تھا کہ یہ روایت قائم رکھنے کی اللہ تعالےٰ ہمیں توفیق دے- جس شخص نے یہ روایت قائم کی ہے اس کے لئے ہم دعائے خیر کرتے ہیں - میڈیا میں اس کا ذکر نہیں آیا - تو اس کے لئے میں منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ اس طرح کیوں کیا گیا ہے ؟

میڈم قائم مقام چیئرمین- گلزار احمد خان صاحب، اس وقت وزیر برائے اطلاعات موجود نہیں ہیں - آپ کا یہ message انہیں دے دیا جائے گا- جی راجہ محمد ظفر الحق صاحب پوائنٹ آف آرڈر-

راجہ محمد ظفر الحق- اگر منسٹر صاحب موجود ہوں تو میں ان سے گزارش کروں گا کہ یہ روایت نہ ڈالیں کہ اگر وزراء کی کوئی تعریف کرے تو اسے پہلی خبر کے طور پر شائع کیا جائے-

QUESTIONS AND ANSWERS

میڈم قائم مقام چیئرمین- شکریہ جناب، سوال نمبر 28 راجہ محمد افضل خان صاحب-

28 . *Raja Muhammad Afzal Khan (on his behalf): Will the Minister for Health be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Mr. Sharif-ud-Din Pirzada has received thousand of dollars as advance for treatment in America, if so, the total amount sanctioned for his treatment abroad: and observing the necessary formalities?

(b) whether it is also a fact that Mr. Sharif-ud-Din Pirzada was not

approved by the proper Medical Board for treatment abroad, if so, the reasons for not observing the necessary formalities?

Lt. Gen. (Retd.) Muhammad Shafiq: (a) No. The sanctioned amount of US $ 30,000 was remitted to Pakistan's Embassy at Washington for defraying tratment cost incurred at the hospital.

(b) Since Mr. Pirzada has past history of coronary bypass and his recent medical examination at National Institute of Cardiovascular Diseases, Karachi indicated recurrence of coronary disease, referral to formal Medical Board was waived by the then Prime Minister.

Madam Acting Chairman: Supplementary, Dr. Rehan Sahib.

Dr. Muhammad Rehan: Sir, the normal procedure in the country in force is that ultimate sanction or approval is given by the Prime Minister of the country for a person who is being sent abroad for treatment. We know and we are quite conscious, how busy the Prime Minister remains quite of ten about his engagements, about his pre-occupations and such things. So, if for the final approval the file is lying on his table and meanwhile the person who is sent abroad, you know, something happens to him, don't you think that the whole matter becomes irrelevant and comes infructuous. So, can't we adopt some procedure that in the absence of the Prime Minister some senior Minister is authorized to sign on his behalf.

Madam Acting Chairman: Lt. Gen. Shafiq Sahib, Minister for Health.

Lt. Gen. (Retd.) Muhammad Shafiq: So far as this particular case of Mr. Sharifuddin Pirzada is concerned, he was an old case of heart disease

and he was operated upon in 1979. But I think, this year again he went to the National Institute of Cardiovascular Disease in Karachi where he was examined by a renowned and who recommended that he should be sent abroad for treatment that is for his second bypass. So, his application came through the Prime Minister 's Secretariat to the Health Ministry. The Ministry processed the case and sent it to the Prime Minister's Secretariat. Since the case had come from that side,I don't know whether he left before the things were signed or not, but we know the date when it came back duly signed i.e. 15 of April. So, I think he processed after that and he was treated. We do not know how much of money have been expended on that because the bills have yet to come. But, one thing is that the money.....

Madam Acting Chairman: You have to address the Chair.

Lt. Gen.(Retd.) Muhammad Shafiq: One thing is that the money is never handed over to the patient. It is sent to the Embassy who maintains their accounts and finally send it to the concerned agency.

Madam Acting Chairman: Thank you. Dr Rehan Sahib supplementary.

Dr. Muhammad Rehan : With the answer given by the honourable Minister at least I am very much satisfied regarding the treatment of Sharifuddin Pirzada. My question was to make it more clear that the procedure in force is that, you know, there is a procedure that somebody being recommended for treatment abroad goes to a medical board then the papers go to the Ministry of Health, to the Secretary, the Health Minister, the Finance Secretary and ultimately they go for approval to the Prime Minister. So, what I asked was that in case, you

know, we are very much conscious about the engagements and pre-occupations and how busy remains the Prime Minister, if the ultimate, the final, I mean, approval of these papers remains lying on his table and the signature is awaited for days and days and meanwhile something happens to the person concerned. So, what I suggest is, can't we change the procedure or make an amendment in it that in the absence or in the case that the Prime Minister is busy and the file does not reach him, some other Minister say, Finance Minister or Health Minsiter should be competent to sign that.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ مختصر کریں جی ذرا سوال کو، ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر محمد رمضان۔ میرا مطلب یہ ہے کہ final (منظوری کے لئے) کاغذات ان کی table پر پڑے ہوں ۔ اور ایمرجنسی ہو اور ایمرجنسی کے دوران ان کے دستخط نہیں ہو جاتے اور جس (شخص) کے لئے کاغذات بھیجے جاتے ہیں، وہ ختم ہو جاتا ہے کیا اس طریقہ کار میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی؟

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ جنرل شفیق صاحب، وزیر صحت۔

لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد شفیق۔ جناب یہ بات ایسی ہے کہ یہ powers تو وزیر اعظم صاحب کے پاس ہیں وہ کسی کو delegate کرنا چاہیں تو کر بھی سکتے ہیں، یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے ہم ایک سمری بنا کر وزیر اعظم کو بھیجتے ہیں انہوں نے دستخط تو کرنا ہوتے ہیں، وہ کرتے بھی ہیں ابھی تک میرے علم میں نہیں آیا کہ انہوں نے نہ کئے ہوں ۔ وہ سارے کے سارے ہو جاتے ہیں لیکن یہ delay کا جو مسئلہ کہہ رہے ہیں بعض اوقات کافی serious مسئلہ ہوسکتا ہے اور اس کے لئے اگر ہمیں یہ معلوم ہو جائے کہ یہ case بہت اہم ہے اس کو بہت expedite کرنا ہے تو ہم اس کو by hand لے جا کر دستخط کروا سکتے ہیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ جناب شاہین یوسف، سپلیمنٹری سوال۔

جناب یوسف شاہین داؤد پوتا۔ میں point of order پر بات کرنا چاہتا ہوں ۔ ٹڈی دل تھرپارکر سے لے کر پورے سرائیکی area تک آ گئے ہیں جنہوں نے کروڑوں روپے کی فصل تباہ

کر دی ہے اور یہ جو Ministry of Food and Agriculture سے متعلقہ وزارت ہے انہوں نے اس پہ کوئی step نہیں اٹھایا۔ یہ بڑا serious مسئلہ ہے۔ وہ آگے تک جا رہے ہیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ شاہین یوسف صاحب جب سوالات کا وقت ختم ہو جانے کا اس کے بعد آپ اس کو اٹھائیں یا آپ کو اسے proper طریقہ سے move کرنا چاہیئے۔

جناب شاہین یوسف داؤد پوتا۔ میں نے move کیا ہے کیونکہ ایمرجنسی ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین ۔ سوالات کے وقت کے بعد اس کو اٹھائیں۔ اگلا سوال نمبر 29 ملک عبدالواحد صاحب۔

29. Malik Abdul Wahid (on his behalf): Will the Minister for Health bepleased to state:

(a) The names of appointment of the ward masters working in the Federal Government Services Hospital, Islamabad indicating also the inter-se-seniority assigned to them by the competant authority; and

(b) whether it is a fact that one Abdul Latif Shah, ward master was promoted out of turn and in violation of the directives of the Establishment Division regarding his seniority ; if so, its reasons?

Lt. Gen. (Retd.) Muhammad Shafiq: (a) The requisite information is annexed.

(b) No.

Annexure

NAMES AND DESIGNATIONS OF WARD MASTERS

WITH THEIR INTER-SE-SENIORITY IN FEDERAL GOVERNMENT

SERVICES HOSPITAL, ISLAMABAD.

S. No.	Name of the Ward Masters	Date of Appointment as Ward Master
1.	Mr. Muhammad Ilyas	26-09-1979
2.	Mr. Abdul Ghafoor	04-10-1982
3.	Mr. Shah Rehman	11-04-1984
4.	Mr. Karar Hussain Shah	01-06-1984
5.	Mr. Abdul Latif Shah	01-05-1985
6.	Mr. Muhammad Hanif	01-02-1986
7.	Mr. Liaqat Ali	24-02-1986
8.	Mr. Javaid Ali Shah	19-09-1989
9.	Mr. Muhammad Younis Khan	16-12-1991
10.	Mr. Abdul Waheed	06-05-1992
11	Malik Ehsan Ullah Khan	07-05-1992

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ سپلیمنٹری سوال' (وقفہ) کوئی سپلیمنٹری نہیں۔ اگلا سوال
سید محمد فضل آغا صاحب نمبر 30۔

30. *Engr. Syed Muhammad Fazal Agha: Will the Minister for Production be pleased to state the present working status of the Balochistan Textile Mills and Lasbela Textile Mills and the steps taken by the Government to make these mills operational?

Lt Gen. (Retd.) R.D.Bhatti: The two units of Pak-Iran Textiles Limited (PITL) namely, Bolan Textile Mills and Lasbela Textile Mills are closed

since 1983 due to uneconomic operations. PITL is now under liquidation as per decision ofits Board of Directors. In order to revive these mills a new company i.e. Iran-PakIndustries is expected to be incorporated shortly.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ سید محمد فضل آغا۔

سید محمد فضل آغا۔ جناب آپ کو معلوم ہے شاید ہمارے وزیروں کو یہ علم نہ ہو اور اس ایوان کو بھی معلوم ہے کہ بلوچستان ٹیکسٹائل ملز اور بولان ٹیکسٹائل ملز کافی عرصہ سے بند پڑی ہوئی ہیں۔ اب انہوں نے کہہ دیا ہے کہ یہ 1983 سے بند پڑی ہوئی ہیں اب ان کو دس سال ہوگئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے علاقے کی یہ ملیں بند ہیں۔ وزیر صاحب سے گزارش یہ ہے کہ 1983 سے اب تک اس پر کتنی تنخواہ کی ادائیگی ہو چکی ہے اور کتنے پیسے اس پر ضائع ہو چکے ہیں اور مستقبل کے لئے یہ کہہ رہے ہیں کہ نئی کمیٹی یا ایک نئی economic operation کے تحت PITL is now under liquidation as per decision of its Board of Directors یہ کب تک ہوگا اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کیا کیا فیصلے کئے اور اس کا طریقہ کار کیا ہوگا؟ اس پر مہربانی فرمائیں۔ New company, or Iran-Pak industry is expected to be incorporated shortly. اس پر وزیر صاحب فرمائیں کہ 1983 تا 1993 تنخواہ میں کتنے پیسے دیئے گئے ہیں اس کے بعد سٹاف کو golden hand shake کے تحت فارغ کیا گیا یا کیا ہوا اور اب ازسرنو اس کو دوبارہ چلانا چاہتے ہیں جس طرح انہوں نے لکھا ہے تو اس کے لئے کیا طریقہ کار ہے؟

Lt. Gen. (Retd.) R.D Bhatti: Madam Chairman, first of all, I would like, through you to extend my very warmest greetings to the honourable members of the Senate. It is the first time that I will be answering questions in the Senate of the honourable members. Coming specifically to the questions of the members, the Government of Paksitan since 1983 to June 1993, spent Rs.600 million in the shape of wages and paid to the workers of these two mills. As to the future plans of these two mills, there is a procedure for liquidation of existing mills and that procedure has already been initiated. There are certain technicalities which canot

be quantified in terms of time. They have to be completed before liquidation is effective. As to the new companies is concerned, we have already initiated the process, but it cannot come into existence till the old company has been liquidated. So, for us to indicate the time-frame will probably, not be possible. We have offers from another Iranian Company which is interested and we have signed agreement with them. They are going to share 49% of the capital of these 2 mills thereafter these 2 mills will be revived.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ سید محمد فضل آغا صاحب، ضمنی سوال۔

انجینئر سید محمد فضل آغا۔ میں وزیر صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے جواب دیا لیکن جہاں تک 600 million کا تعلق ہے وہ تو انہوں نے بتا دیا ہے لیکن future کی کارکردگی کیا ہوگی اس کے بارے میں انہوں نے بڑے آرام سے technicalities کا سہارا لیا ہے جو کہ میں سمجھتا ہوں ایوان کے لئے بالکل unacceptable ہے کیونکہ اب کوئی اس قسم کے special technicalities formally design نہیں ہوتے ہیں اس کے لئے specific decisions اور policy decisions اب ان کے لئے انہیں نے کیا کرنا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو ذرا واضح کرکے ہمیں بتائیں کہ 1949 اور 1951 کا جو ہمارا share ہے وہ بھی ہمارے سامنے ہے اس میں ہم نے بہت inefficiency اور slackness show کی ہے کہ 600 million ہم نے لوگوں کو ویسے ہی ادا کر دیئے ہیں جبکہ ہمارے بجٹ اور فنانس کی حالت خراب ہے اور اس کے برعکس اب جب ہم آئندہ کے لئے ان سے بہت کچھ expect کر رہےہیں اور economy کی سائیڈ پر بہت careful طریقے سے، جیسے کہ اخباروں سے پتہ چلتا ہے، کام کر رہے ہیں اور اس طرح متوجہ ہیں اور آج کل اس سارے economic package کو پیش کرنے والے ہیں۔ اس اتنے بڑے issue کو اگر انہوں نے اتنا easy لے لیا جی کہ یہ technicalities ہیں اور time frame کے متعلق ابھی بتا نہیں سکتے اور آئندہ کے لئے بھی کچھ نہیں کر سکتے ہیں تو یہ ایک ایسا ہی vague جواب ہے جو ہمیں پہلے بھی ملتا رہا ہے تو ان سے اور موجودہ کابینہ سے، بقول گلزار احمد صاحب کے کہ جو ان کی روز روز بڑی بڑی تعریفیں بھی کرتے ہیں، مجھے معلوم نہیں

And what are the reasons behind. They are all qualified. کہ ان کے mind میں کیا ہے
پہلے بھی جو وزیر آتے رہے ہیں They were all educated people خواہ ان کا تعلق کسی
بھی پارٹی سے تھا۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ آپ سوال short کرکے پوچھیں۔

انجینئر سید محمد فضل آغا۔ میں سوال کو مختصر کر رہا ہوں تو models کا پتہ ہونا
چاہیئے۔ educated class تو پارلیمنٹ میں رہتی ہی رہتی ہے ۔ ان بنچوں پہ ہمیشہ پڑھے لکھے لوگ بیٹھے
ہوتے ہیں لیکن وزیر صاحب سے گزارش ہے کہ یہ technicalities کا سہارا نہ لیں۔ اس umbrella کے
نیچے نہ جائیں' specifically بتائیں کہ اس کا کیا ہوگا اور کب ہوگا اور کس طرح ہوگا؟

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ جناب رحم دل بھٹی صاحب۔

Lt.Gen.(Retd.) R.D.Bhatti: Madam Chairman, the management of Pakistan-Iran Textiles Ltd. had signed a memorandum with the new partners i.e. Bunyad, back on 31st July, 1991. However, the delay occurred from our partners in Iran till we had a delelgatioin who visited Pakistan in May this year. A supplementary agreement has also been signed. They have agreed to pay their share equity in 4 instalments. We have already received the first instalment. The next is due in October this year; the third one is due in March next year and by July 1994, we will have the fourth instalment unless the other party defaults and does not make payment as they performed in the past. We signed the agreement in 1991, and it is 1993 and we have started realizing their share of equity. The total amount involved is 14 million dollars which is going to be paid by our partners from Iran. As to the liquidation of existing companies is concerned, as I indicated, we have already initiated the process. There is the Central Government's part in the liqudation of this particular company. There is also a part to be played by the Provincial Government. Unfortunately, in the past the Provincial Government had

not played its part and we are at it and we hope we will be able to resolve this soon and get the new company in its place.

Madam Acting Chairman: Zareef Mandokhel Sahib.

شیخ ظریف خان مندوخیل۔ جناب چیئرمین! اس بل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا میں دو، تین سال ممبر رہا ہوں - بلوچستان کی صوبائی اسمبلی سے میں ممبر تھا اور قومی اسمبلی سے جام یوسف صاحب تھے - اس کی کافی meetings ہوئی ہیں - ابھی بند کرنے کے لئے ایران نہیں مانتا ہے اور چلانے کے لئے پاکستان شروع نہیں کرتا - ہم لیبر کو سالانہ چار کروڑ اسی لاکھ روپیہ تنخواہ دے رہے ہیں - اس مل سے بلوستان پر بہت برا اثر پڑ رہا ہے - چار کروڑ اسی لاکھ روپیہ سالانہ بہت بڑی رقم ہوتی ہے - ان سے درخواست ہے کہ اس مل کو شروع کریں یا بند کریں۔ پوری طرح اس کو ایران کے رحم و کرم پر نہ چھوڑیں - ہم ان کے partner ہیں ہم ان کو کہیں کہ وہ اس کو شروع کریں یا کوئی فیصلہ کریں۔ مل تو درکنار کم از کم ہماری اس چار کروڑ اسی لاکھ روپیہ سے تو جان چھوٹ جائے۔ یہ بہت چھوٹا صوبہ ہے اس پر اتنا بڑا بوجھ ڈالنا درست نہیں ہے -

جناب گلزار احمد خان۔ جناب والا! میں نقطہ وضاحت پر عرض کروں گا جناب فضل آغا صاحب کو کہ نمبر (۱) یہ نگران حکومت ہماری مہمان ہے - ہمیں چاہیئے کہ فراخدلی سے ان کو entertain کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں - یہ ایک بہت بڑے مقصد کے لئے تشریف لائے ہیں - یہ بے لوث لوگ ہیں اور میں نے سچی بات کہی ہے یہ تجربہ کار، پڑھے لکھے اور لائق لوگ ہیں اور میں کہتا ہوں کہ یہ ایک اچھی بات ہے - ہمیں یہ روایت قائم رکھنی چاہیئے کہ آئندہ بھی ہمارے اچھے لوگ آئیں - میں نے یہ کہا تھا میں نے غلط بات نہیں کہی -

میاں عالم علی لالیکا۔ پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! میں گلزار احمد خان صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ان مہمانوں کے اعزاز میں کوئی ڈنر دے دیں اس سے ان کی زیادہ حوصلہ افزائی ہو گی۔

جناب گلزار احمد خان - میں ڈنر بھی دے دوں گا۔ڈنر دینے کے لئے حاضر ہوں۔

لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) آر ڈی بھٹی۔ جناب والا! میں معزز اراکین کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ دونوں ملیں 1983 میں بند ہوئی تھیں اور جب بند ہوئی تھیں

تو اس وقت ان میں 2901 آدمی کام کر رہے تھے اور یہ لوگ اس جون تک حکومت سے تنخواہ لیتے رہے اس جون میں golden hand shake کے ذریعے بولان ٹیکسٹائل ملز جو کہ بیلی میں ہے سب لوگ فارغ ہوچکے ہیں ۔ جہاں تک اتھل کا تعلق ہے وہاں پر زیادہ لوگ فارغ ہو چکے ہیں صرف 224 لوگ رہ گئے ہیں اور وہ بھی انشاء اللہ جلدی فارغ ہو جائیں گے۔ جہاں تک حکومت کے خزانے پر ان کے بوجھ کا تعلق وہ جون کے بعد سے ختم ہو رہا ہے ۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ شکریہ، سید فصیح اقبال۔

سید فصیح اقبال۔ جناب والا ! میں اس مسئلے میں شامل رہا ہوں اور ابھی بھی اس کمیٹی کا ممبر ہوں۔ وزیر موصوف صاحب کی بات غلط ہے۔ process مکمل ہو چکا ہے ۔ یہ باقاعدہ جون سے پہلے liquidate ہو چکی ہے ۔ جب liquidate ہو چکی ہے تو آپ نے حکومت پاکستان سے 18 crore روپے لئے ہیں اور حکومت نے نج کاری کمیشن سے پیسے لئے ہیں ۔ میں اس کا ممبر تھا وہی لوگ جو اس مل کو ختم کرنے کے ذمہ دار تھے انہی میں سے کچھ لوگوں نے یہ مل لے لی۔ بہرحال میں گزشتہ حکومت کا شکرگزار ہوں اور سرتاج عزیز صاحب کا بھی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے golden hand shake کے پیسے دیئے ہیں لیکن جو proportion بنایا وہ چونکہ ان کی بنیادی تنخواہ (1980 میں) 600 روپے تھی تو وہ golden hand shake ان کو اس طرح سے نہیں ملا جس طرح سے عام لوگوں کا تاثر ہے ۔ ہزار ، بارہ بارہ سو سے زیادہ نہیں ملا حالانکہ کہ 600 روپے ان کی تنخواہ تھی لیکن یہ فیصلہ کیا گیا تھا ، ایران کو نوٹس دیا گیا تھا کہ اگر تین مہینے میں آپ نے پیسے نہیں دیئے تو حکومت پاکستان چلائے گی ۔ مجھے افسوس ہے کہ 8 مہینے گزر گئے ہیں اسی نااہلی پر کہ جو وہاں سے وفد آتا ہے اگر وہ reluctant ہے تو آپ اس کو چلائیں اس کی وجہ یہ ہے کہ بلوچستان میں یہ مل پہلے بکنے کے لئے تھی اس کو روکا گیا یہاں سے ہمارے نمائندوں نے اس کو رکوایا، دو سال تک یہ رہا ---

(مداخلت)

سید فصیح اقبال۔ جناب ! اب مسئلہ یہ ہے کہ 6 مہینے سے کمپنی بھی بن چکی ہے ۔ وہاں باضابطہ اس کا Managing Director کام کر رہا ہے ۔ وہ تنخواہ لے رہا ہے اس کے دو Project Directors موجود ہیں ۔ وہاں سب کچھ ہے اگر وزیر موصوف یہ بتاتے کہ یہ نئی کمپنی کا

Project Director ہے اور Managing Director اور Chairman بھی مقرر ہوا ہے اور تین Directors بھی حکومت کے لے لئے ہوئے ہیں اب صرف ایران کا آپ انتظار کر رہے ہیں ۔ ایک کمپنی بن چکی ہے اور وہ کمپنی liquidate ہو چکی ہے ۔ یہ latest صورتحال ہے ۔

لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) آر ڈی بھٹی۔ میڈم چیئرپرسن ! میں اس ایوان کے فلور پر دوبارہ یہ کہنا ہوں چاہتا ہوں کہ قانونی طور پر ابھی تک liquidate نہیں ہوئی ہے ۔ وہ 18 کروڑ روپیہ جو لیا گیا تھا وہ golden hand shake کے لئے تھا اور اس میں یہ تھا کہ ہر کارکن کو 4 بونس فی سال دیئے گئے جس میں زیادہ سے زیادہ حد چالیس رکھی گئی تھی۔ افسروں کے 2 اور کارکنوں کے لئے 4 تو وہ 18 کروڑ روپیہ اس میں گیا ۔ جہاں تک عملے کا تعلق ہے اس وقت صرف ہمارے وہاں 120 آدمی ہیں جو مشینری اور assets کی دیکھ بھال کے لئے رکھے گئے ہیں۔

Madam Acting Chairman: Next question No. 31, Dr. Muhammad Rehan.

31. ***Dr. Muhammad Rehan**: Will the Minister for Production be pleased to state the amount spent on the publicity of the Paksitan Steels during the year 1992-93.

Lt. Gen. (Retd.) R. D. Bhatti: The total amount spent on the publicity of the Paksitan Steels during the year 1992-93 was Rs. 4.57 million.

Dr. Muhamamd Rehan: My supplementary question is that Paksitan's Steel Industry is the biggest industrial establishment in the country and I don't think it is facing any competition, so why this amount spent on publicity should not be saved because they have no fear from anybody in respect of competition.

Lt. Gen. (Retd.) R.D. Bhatti: Madam Chairperson, in the modern day all businesses must have certain amount of publicity. As to the amount that was spent last year, out of date 3.24 million was spent on advertisement of tenders

and similar notices. Only 1.33 million was spent on the publicity of the Mill.

Madam Acting Chairman: Thank you. Any other supplementary question Dr. Bisharat Elahi

Dr. Bisharat Elahi: Through you Madam, I have the right to find out from the honourable Minister whether the amount spent on tenders and other notices is to be regarded as publicity for Pakistan Steels. I don't think it is a publicity, it should have been bifurcated.

Lt. Gen. (Retd.) R.D. Bhatti: Madam Chairperson, Pakistan's Steel Mill does not maintain two separate accounts to the publicity and a separate account for tenders. There is only one account out of which money is paid for both tenders, which are issued to various newspapers through the Press Information Department of Pakistan, and also publicity.

Madam Acting Chairman: Next question No. 32, Raja Muhammad Afzal Khan.

32. ***Raja Muhammad Afzal Khan**: Will the Minister for Health be pleased to state:

(a) the number of pharmaceutical companies registered during the last two years with their and names of the countries of their orgin ;

(b) name of the companies whom permission was given to increase the prices of their medicines during the above period; and

(c) the names of the companies fouind over-charging?

Lt. Gen. (Retd.)Muhammad Shafiq R.D.Bhatti: (a) 34. Their names are listed in Annexure-I. All are local firms registered in Pakistan.

(b) The requisite information upto 11th June, 1993 is at Annexure -II.

After 12th June, 1993, a new system of pricing has been introduced.

(c) Sales of a drug is a provincial subject.

Annexure-I

LIST OF THE PHARMACEUTICAL COMPANIES LICENSED DURING THE LAST TWO YEARS WITH THEIR NAMES

S. No.	*Name of Pharmaceutical Company*
1.	M/s. Veterinary Farm Aid (Pvt) Ltd., Lahore.
2.	M/s. Elder Ghulam Masih and Sons, Mamoke Mandi.
3.	M/s. Kamtex Cotton Industry, Kamoke.
4.	M/s. Errowrute Labs. (Pvt) Ltd., Rawalpindi.
5.	M/s. Syed and Sons, Kamoke.
6.	M/s. Country Cotton Industries, Raiwind.
7.	M/s. Hizat Pharmaceutical Industry (Pvt) Ltd., Peshawar.
8.	M/s. Middle East Surgical Cotton Bandages Industry, Jhelum.
9.	M/s. Inco Pharmaceuticals, Peshawar.
10.	M/s. Multipharma Pharmaceutical Manufacturers, Lahore.
11.	M/s. Anima Nutritional Products, Islamabad.
12.	M/s. Vetec Labs., Kahuta, Islamabad.
13.	M/s. Spectrum Labs., (Pvt) Ltd., Lahore.
14.	M/s. Lahore Chemcial and Pharmaceutical Works, Lahore.
15.	M/s. Sadik Labs., 16-Main Asif Block, Lahore.
16.	M/s. Home Chemical Industry, Lahore.
17.	M/s. Lawrance Pharma, Lahore.
18.	M/s. Symans Pharmaceutical Labs., Lahore.
19.	M/s. Pharmagen Beximco Ltd., Lahore.
20.	M/s. Vital Mark Labs., Toba Tek Singh.
21.	M/s. Manhattan Pharma, Karachi.
22.	M/s. Avicenna Labs., Faisalabad Road, Bhikhi.
23.	M/s. Biovet Labs., Pakistan, Faisalabad.
24.	M/s. Chick Care Labs., Islamabad.
25.	M/s. Alco Chemcial (Pvt) Ltd., Lahore.
26.	M/s. Shaigan Pharmaceuticals, Rawalpindi.
27.	M/s. Delux Chemical Industries, Karachi.
28.	M/s. Fritz Pharma (Pvt) Ltd., Peshawar.
29.	M/s. Sidra Pharma (Pvt) Ltd., Multan.
30.	M/s. Semos Pharmaceutical (Pvt) Ltd., Karachi.
31.	M/s. Bilal Surgical Cotton Industries, Gojra.
32.	M/s. Mediband Cotton Industry, Faisalabad.
33.	M/s. A.Z. Pharmaceutical, Kasur.
34.	M/s. English Pharmaceutical Industry, Lahore.

Annexure-II

NAMES OF THE COMPANIES GIVEN THE PRICE INCREASE DURING THE LAST TWO YEARS

S. No.	Name of Firm(s)
1.	M/s. Efroze Chemical Industries (Pvt) Ltd., Karachi.
2.	M/s. Meditex Int., Lahore.
3.	M/s. Servier Research, Lahore.
4.	M/s. Lahore Chemical and Pharmaceutical Works, Lahore.
5.	M/s. Hilton Pharma, Karachi.
6.	M/s. Evans Medical, Karachi.
7.	M/s. Hoechst Pharma, Karachi.
8.	M/s. Parke Davis, Karachi.
9.	M/s. Abbott Labs., Karachi.
10.	M/s. Phone-Poulence, Wah Cantt.
11.	M/s. ICI, Karachi.
12.	M/s. Reckitt and Colman, Karachi.
13.	M/s. Sterling (Winthrop), Karachi.
14.	M/s. Bayer Pharma, Karachi.
15.	M/s. Punjab Drug House, Lahore.
16.	M/s. Glaxo Labs., Karachi.

ایوان میں Flat rate کے بارے میں کوئی یقین دہانی کرائیں

جناب چیئرمین۔ لا منسٹر صاحب نے کہا کہ وہ آپ کے -----

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ زمیندار لوگ یہاں آئے ہوئے ہیں ان کی وزیر اعظم صاحب سے ملاقات تک نہیں ہوئی ہے۔ ان کا مسئلہ حل کریں ناں جناب ا نوکنڈی کے پانی کا مسئلہ بھی ہے جناب۔

(اس مرحلہ پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین واک آؤٹ کر گئے)

جناب چیئرمین۔ آپ کے خدشات وہ منسٹر صاحب کو بتائیں گے اور امید ہے کہ وہ کچھ نہ کچھ اس سلسلے میں کریں گے۔ جی گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی۔ جناب والا! مسئلہ یہ ہے کہ بدقسمتی سے بہت سی باتوں کو club کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یقیناً واپڈا کا مسئلہ موجود ہے یقیناً mining کا problem موجود ہے۔ جیسے کہ پہلے عرض کیا تھا میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کے لوگوں کے ساتھ یہ زیادتی ہے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں مسئلہ تو آپ نے ہی اٹھایا تھا ناں۔

جناب منظور احمد گچکی۔ جی ہاں، میں نے ہی اٹھایا تھا۔

جناب چیئرمین۔ تو آپ نے واک آؤٹ نہیں کیا؟

جناب منظور احمد گچکی۔ نہیں جی۔ عرض یہ ہے کہ انہوں نے اس کو club کرنے کی کوشش کی تھی۔ آپ کی رولنگ کے ساتھ۔ اس لئے آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ نے کیوں واک آؤٹ نہیں کیا۔

جناب چیئرمین۔ رولنگ کا مسئلہ بعد میں آئے گا ابھی چھوڑیں اس کو۔

جناب منظور احمد گچکی۔ مطلب یہ ہے کہ اس کو club کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں یقیناً احتجاج کرتا ہوں اس پر کہ جو بلوچستان میں ہو رہا ہے لیکن اگر اس کو آپ کی رولنگ سے club کر کے بات کی جاتی ہے تو وہ معاملہ complicated ہوتا ہے اور---

جناب چیئرمین۔ تو اس پر میرا خیال ہے میں واک آؤٹ کر جاؤں، کیا کروں پھر؟

جناب منظور احمد گچکی۔ آپ ہی کر لیں بہتر ہے۔

جناب چیئرمین۔ بہر حال،

hat is a very important matter in itself. It is the question of the ruling of the Chairman of the Senate and the Speaker of the National Assembly,

وہ ان کا مسئلہ ہے لیکن بہر حال وہ اپنی جگہ قائم ہیں ۔ تو میرا خیال ہے ان کو دیکھیں سے آئیں واک آؤٹ کرنے والوں کو۔

(Pause)

Mr. Chairman: Any other point of order from this (treasury) side?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین۔ وزیر کی طرف سے پوائنٹ آف آرڈر raise نہیں ہوتا ہے۔ آپ تو وزیر ہیں ۔ آپ تو پوائنٹ آف آرڈر کو سلجھائیں گے۔ ٹھیک ہے ۔ الجھائیں گے نہیں ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب والا! میں نے اس پر آج گزارشات پیش کرنا ہیں۔

(Pause)

جناب چیئرمین۔ وہ ہاؤس میں آ گئے ہیں ۔ وزیر قانون صاحب! آج کیا کارروائی کرنی ہے؟

حافظ حسین احمد۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین۔ وزیر قانون صاحب ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ حافظ صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

حافظ حسین احمد ۔ جناب چیئرمین! محترم وزیر قانون صاحب ، برادرم رضا ربانی صاحب اور ملک قاسم صاحب نے ایک یقین دہانی کرائی ہے ۔ اس سلسلے میں ، میں ان حضرات سے درخواست کرتا ہوں کہ کیا وہ اس floor پر statement دیں گے کہ اس وقت تمام فیڈروں کی جو بجلی بند ہے ، وہ فوری طور پر جاری کر دیں گے ۔ اس کے بعد بلوچستان کے جتنے بھی

۔ دں کے نمائندے ہیں ان کے ساتھ یہ بیٹھ کر اس مسئلہ کا باقاعدہ فیصلہ کریں کہ اس کا یہ حل ہونا چاہئیے ۔ میں یہ بات بھی عرض کرنا کرنا چاہتا ہوں کہ جتنے بھی defaulters ہیں ، ندگان ہیں ، ان کی بے شک یہ بجلی کاٹیں ، ٹرانسفارمرز اٹھائیں ، اس سے ہمیں کوئی غرض نہیں ہے ۔ مسئلہ یہ ہے کہ پورا فیڈر بند کر دیتے ہیں ، جس سے پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب جاتا ہے ۔ ہمیں صرف سات گھنٹے سے لے کر نو گھنٹے تک بجلی ملتی ہے لیکن بلوچستان کے اکثر علاقوں میں سات گھنٹے بھی بجلی نہیں ملتی ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پورے فیڈرز بند کر دئے جاتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے ۔ یہ کسی پارٹی کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق انسانی ہمدردی سے ہے ۔ اس مسئلہ پر بات کرنے کے لئے نمائندے بھی کئی دنوں سے یہاں آئے ہوئے ہیں۔ میری گزارش ہے کہ اس مسئلہ پر پہلے بات کی جائے ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ پوائنٹ آف آرڈر ، میں بھی ایک اور مسئلہ پر بات کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ جی فرمائیے ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب والا ! یہ ایک آسان مسئلہ ہے ۔ زمینداروں کا ایک مسئلہ Flate rate کا ہے ۔ بلوچستان میں وزیر پانی و بجلی نے اس سلسلے میں زمینداروں سے وعدہ کیا تھا ۔ اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ 50-60 یا 210 روپے کے بل زمیندار ادا نہیں کر سکتے ہیں۔ ایک تو اس کے بارے میں یقین دہانی کرائیں کہ واپڈا والا زمینداروں کے نمائندے مل بیٹھ کر Flate rate کے مسئلہ کو طے کریں گے ۔ دوسرا جو بجلی بند ہے ، اس کے بارے میں فیصلہ کیا جائے ۔ تیسری بات یہ ہے کہ انہوں نے ارشاد فرمایا تھا کہ 50% واجبات معاف کر دیں گے ۔ یہ مسئلہ بھی حل طلب ہے ۔

جناب والا ! جو سب سے اہم بات ہے اور جس کے بارے میں میں بار بار عرض کر رہا ہوں ، وہ یہ ہے کہ نوکنڈی میں پانی کے مسئلہ پر لوگوں نے ۸ تاریخ سے ہڑتال کی ہوئی ہے ۔ یہ پہیہ جام ہڑتال ہے ۔

جناب چیئرمین۔ آپ کی باتیں ریکارڈ پر آ گئی ہیں ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ ۔ تو جناب والا ! اس کا بھی جواب دیں ۔ یہ پہیہ جام ہڑتال

نہیں ہونی چاہیئے کیونکہ یہ بین الاقوامی شاہراہ ہے ۔

جناب چیئرمین۔ آپ نے بات کر دی ہے ۔ اب آپ بار بار repeat تو نہ کریں۔ جی، وزیر قانون صاحب ۔

پروفیسر این ڈی خان۔ چونکہ وزیر پانی و بجلی یہاں تشریف نہیں رکھتے ہیں تاہم میں عرض کرتا ہوں کہ معزز اراکین نے بلوچستان کے حوالے سے واپڈا کے متعلق کچھ مسائل کی نشاندہی کی ہے ۔ اس سلسلے میں ، میں حکومت کی جانب سے ، آپ کے توسط سے یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ جو بھی بلوچستان میں واپڈا سے متعلق مسائل ہیں ،جن کے حل کے بارے میں گورنمنٹ نے پہلے سے commitment کی ہوئی ہیں، ان کو fulfil کیا جائے گا ۔اور جو مزید مسائل ممبران نے یہاں اٹھائے ہیں، جو بلوچستان کو درپیش ہیں ، واپڈا کی جو teams ہیں ان کے ساتھ بیٹھ کر انہیں حل کیا جائے گا۔ میں حکومت کی طرف سے یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کے مسائل کا ہمیں اچھی طرح سے ادراک ہے اور ہم جانتے ہیں کہ وہاں کے عوام کو کم از کم وہی سہولتیں فراہم ہونی چاہئیں جو ملک کے دوسرے علاقوں میں ہیں ۔ اس لئے میں ایک بار پھر یہ یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ جن مسائل کی طرف آپ نے توجہ مبذول کرائی ہے انشاء اللہ تعالیٰ مذاکرات کے ذریعے سے جو بھی ان مسائل کو حل کرنے کے امکانات اور ممکنات ہوں گی حکومت ان کے مطابق ان کو حل کرے گی۔

سید محمد فضل آغا۔ جناب میں وزیر موصوف کا ممنون ہوں یہ ہاؤس میں نووارد ہیں اور اس ہاؤس ایشورنس کمیٹی کا میں چیئرمین ہوں۔ اس سے پہلے ڈیڑھ سال سے اس فلور پر ہمیں یقین دلاتے رہے ہیں کہ اپوزیشن کے جتنے سینیٹرز ہیں ان کو ۹۴-۹۳، کے اور ۹۵-۹۴، کے ڈویلپمنٹ ----

جناب چیئرمین۔ ایک نیا مسئلہ کھڑا کر رہے ہیں۔

سید محمد فضل آغا۔ میری گزارش سن لیں ۔ یقین دہانی کے...

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، اب یہ دیکھ لیں کہ پوری ہوتی ہے یا نہیں ۔ جی آگے آئیں

سید محمد فضل آغا۔ میں آپ سے پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ پچھلے 14 مہینوں

میں انہوں نے ۲۲ یقین دہانیاں کرائی ہیں ۔ ۲۲ میں سے ایک بھی پوری نہیں ہوئی ہے ۔ اور یہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹس بھی اس فلور پر موجود ہیں ۔ کوئی یقین دہانی پوری نہیں ہوئی ہے ۔ ہاؤس اور کمیٹی کو misleadکیا جاتا ہے ۔ کہ موجودہ منسٹر صاحب نے جو یقین دہانی کرائی ہے' یہ کتنے دن میں fulfil کریں گے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ۔ وہ علیحدہ مسئلہ ہے ۔ آپ کمیٹی کا مسئلہ یہاں اٹھا رہے ہیں مندوخیل صاحب ۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل۔ جناب چیئرمین میں آپ کا بڑا مشکور ہوں ۔ ابھی ہم نے واک آؤٹ کیا اور پھر ہمارے معزز ممبران صاحبان آئے ۔ نہیں منایا گیا کہ ہم آپ سے باتیں کرتے ہیں ۔ لیکن جہاں تک میرا خیال ہے حکومت کا یہ ایک پالیسی ہے کہ غریبوں کو ادھر لائن میں لگا دے اور پارلیمنٹ کے ممبروں کو ادھر الجھا دے کہ چوہدری صاحب کو لاؤ ۔ چوہدری صاحب کو مت لاؤ ۔ شیخ رشید صاحب کو لاؤ ۔ شیخ رشید صاحب کو مت لاؤ ۔ اس میں الجھاتے ہیں۔ ادھر بلوچستان والوں کو ادھر الجھا دیا ۔ یہ ساری الجھنیں جو ہیں اس سے ہمارے دماغ ادھر divert ہو گئے اور ہمارے غریب لوگ جو ہیں ان کی سوچ اور دماغ اور توجہ کو بھیک پر لگا دیا ۔ گھی کے ایک ڈبے کی لائنوں پہ لگا دیا ۔ میں حکومت سے کہنا چاہتا ہوں کہ خدارا یہ مسئلے اندر حل ہونے چاہئیں ۔ اس میں کونسا ابہام ہے ۔ آج نواز شریف کو پکڑ لیا ہے ۔ اور ایک نیا شوشہ چھوڑ دیا ہے ۔ کل وہ دوسرے کو پکڑیں گے ۔ تو میرا مطلب یہ ہے کہ حکومت یہ قصداً کر رہی ہے تاکہ گوادر' کشمیر اور نیوکلیئر مسئلے ادھر حل ہوتے جائیں' بکتے جائیں' اور ہمیں پارلیمنٹ کے ممبروں کو ادھر ان مسئلوں میں الجھاتے رہیں ۔ اور غریبوں کو ادھر لائن میں لگا دیں ۔ خدا کے لئے ہم یہ نہیں چھوڑیں گے ۔ انشاء اللہ ہمارا قوم سے یہ وعدہ ہے ۔

جناب چیئرمین۔ جی بات ہو گئی ۔ حافظ صاحب ۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل۔ ایک منٹ میں میں گزارش کروں گا ۔

جناب چیئرمین۔ آپ لمبی بات کر دیتے ہیں ۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارے ممبروں اور حزب اختلاف کے لیڈر نواز شریف صاحب نے قوم کو صاف بتا دیا ہے اور انشاء اللہ ہم بتاتے رہیں گے ۔

ہم یہ سودے بھی نہیں ہونے دیں گے ۔ اور قوم کو بھی بچائیں گے ۔ قوم کو مشکلات سے بھی بچائیں گے ۔

جناب چیئرمین۔ ایک منٹ حافظ صاحب ۔

حافظ حسین احمد۔ جناب چیئرمین جہاں تک مسئلے کا تعلق ہے دیگر مسائل کو ہم انشاء اللہ ان کے وقت پر اٹھائیں گے۔ آج اس سیشن کا آخری روز ہے ۔ تو میری تجویز ہے کہ جس طرح وزیر قانون صاحب نے فرمایا۔ ہمارے یہاں بجلی اور پانی کی سٹینڈنگ کمیٹی ہے ۔ فوری طور پر اس کا اجلاس بلایا جائے آپ حکم دیں اور تمام ہو [illegible] ناں ہے ۔۔۔

جناب چیئرمین۔ آپ کا واٹر اینڈ پاور کا چیئرمین کون ہے ۔ وہ اسے بلوائیں۔

حافظ حسین احمد۔ چیئرمین قریب ہی بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ وہ بلوائیں ناں۔ ان کو حکم کی کیا ضرورت ہے۔

حافظ حسین احمد۔ میں گزارش کروں گا [illegible] بلوچستان سے تعلق رکھنے والے تمام جو سینیٹرز ہیں جو سٹینڈنگ کمیٹی کے ممبر ہیں یا نہیں ہیں ان کو باضابطہ دعوت دی جائے اور اس کا اجلاس کوئٹہ میں بلایا جائے۔

جناب چیئرمین۔ دیکھیں ناں وہ تو آپ کے چیئرمین موجود ہیں وہ بلائیں گے میں نے تو نہیں بلوانا۔

حافظ حسین احمد۔ دو صورتیں ہیں ۔ ایک یہ ہے کہ ایوان انہیں ریفر کرے ۔

جناب چیئرمین۔ نہیں کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ جب وہ خود بلا سکتے ہیں ۔

حافظ حسین احمد۔ یہ بڑا ضروری مسئلہ ہے ۔

جناب چیئرمین۔ نہیں اگر خود وہ بلا سکتے ہیں تو ایوان کو کہنے کی کیا ضرورت ہے ۔

حافظ حسین احمد۔ اس لئے ہے [illegible] حکومت کی طرف سے تمام صورت حال کے لیے وہ تیار ہو کر آئیں۔

جناب چیئرمین۔ وہ ٹھیک ہے ۔ لیکن چیئرمین خود بلا سکتے ہیں ۔ آپ meeting بلائیں

نی۔ چیئرمین صاحب آپ بلا سکتے ہیں ۔ ایک منٹ ۔ جی کمال اظفر صاحب.........

جناب بشیر احمد خان ترین۔ جناب چیئرمین چیئرمین واپڈا جس طرح وزیر پانی و بجلی کا حکم نہیں مانتے وہ اسی طرح ہمارا بھی بات نہیں مانتے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں وہ آپ میٹنگ کریں تو پھر دیکھیں گے ۔ ۔۔ جی جناب مال اظفر صاحب۔

Mr. Kamal Azfar. I have already made this submission when I made my submissions on the President's speech and now the Central Executive Committee of the Pakistan Peoples Party has met on the 31st of December 1994 the full text of the statements has been issued perhaps my learned friend has not read those statements. So I would like to refresh his memory. We have categorically stated that under no circumstances Pakistan will unilaterally sign the Nuclear Proliferation Treaty. India will sign it first. Only after India signs it then Pakistan will consider signing the treaty. We have categorically said that every inch of Pakistan is sacred. There is no question of our bartering away, exchanging or selling any part of Pakistan. It was Gen. Zia-ul-Haq who said about Siachen that it is not better because no blade of gross grows on Siachen but even that is precious to us. Every snow top in Siachen, from Siachen to the shores of the Arabian Sea, there is no question and we have said that categorically in our dilations. We have said that there is no question of the 7th Fleet or any other fleet entering the Karachi waters or any part of Karachi being handed over and all these reumours, we have dispelled in our statements and we have also said that under no circumstances will Mohatarma Benazir Bhutto be a candidate for Secretary-Generalship of UN. She is not going to leave Paksitan. She is going to stay here, live here and die here in the service of the country.

and. Inshallah, she will be the Prime Minister of Pakistan also with the faith of the ... ple.

جناب چیئرمین۔ جی جناب راجہ ظفر الحق صاحب لیڈر آف دی اپوزیشن۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ جناب چیئرمین میرا کوئی ارادہ نہیں تھا کہ آج کسی معاملے کے اوپر میں گزارشات کروں۔ لیکن ایک تو مسئلہ بلوچستان کی بجلی کا تھا جو بڑی شدت سے محسوس کیا گیا اور تمام ارکان جو بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے اس مسئلے کو پیش ... اور وہ ان کی ایک ذمہ داری تھی۔ اس ...surance ... اس مسئلے پر جو ... بات کریں گے واٹر اینڈ پاور منسٹر سے' اور اس کے علاوہ جو سردار بشیر ترین صاحب ہیں چیئرمین ہیں واٹر اینڈ پاور کمیٹی کے' وہ اپنی کمیٹی کا ... بھی ... ہے ... تشویشناک حالات ہیں جن کو انہوں نے پیش کیا ہے ... ان پر سنجیدگی سے غور ہونا چاہئیے۔ اور حکومت بھی اپنی جو assurances ہیں ان کو سنجیدگی سے لیا کرے۔ دفع الوقتی کے لئے اسے استعمال نہ کیا کرے۔

اس کے علاوہ جو مسئلہ ایم کیو ایم کی طرف سے تھا جو اشتیاق اظہر صاحب نے پیش کیا تھا۔ اس کے بارے میں بھی میں سمجھتا ہوں کہ کوئی شافی جواب نہیں ہے۔ اور اس میں confusion اس لحاظ سے ہے کہ ایک طرف تو مختلف طبقات کے ساتھ وزیر اعظم صاحبہ نے کراچی کے اندر ملاقاتیں کرکے باتیں کی ہیں۔ کچھ اس میں سے ٹیلیوژن کے اوپر آئی ہیں۔ لیکن کچھ ایسے معاملات ہیں جو ٹیلیوژن کے اوپر نہیں بھی آئے لیکن جو تقاریر ان کی ٹیلیوژن کے special programme میں آئی ہیں دو دفعہ میں نے ان کو سنا ہے جس میں مجھے ان کے انداز گفتگو سے دکھ ہوا۔ میں توقع کرتا تھا کہ وہ یہ سمجھتی ہیں کہ جو سامنے ان کے بیٹھے ہوئے ہیں صرف انہی سے بات نہیں کر رہیں وہ سب لوگوں سے' پاکستان ٹیلی وژن جو اب 37 ممالک میں دیکھا جاتا ہے ... سے بات ... رہی تھیں میرا یہ خیال تھا کہ وہ احتیاط کریں گی کیونکہ ان کی بات کو توجہ سے سنا جاتا ہے تو ایسا نہیں کہیں گی۔ لیکن دونوں دفعہ جو انہوں نے الفاظ استعمال کئے ہیں وہ یہ تھے کہ ہم اگر کراچی کے لئے کوئی پروگرام بناتے ہیں کوئی روزگار وغیرہ کا' تو اس

انجینئر سید محمد فضل آغا۔ نہیں ، نہیں ، اور نہیں آئیں گے ڈاکٹر صاحبہ ہمارے اپنے لوگ تو آسکتے ہیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین ۔ نہیں آپ کو سمجھ نہیں آ رہی ۔ آپ اوپر والے گریڈ نیں اپنے کوٹہ کے بارے میں دریافت کریں اس طرح تو کوٹہ میں آپ کو خود ہی نقصان پڑ جائے گا جس طرح آپ کہہ رہے ہیں۔

انجینئر سید محمد فضل آغا۔ ڈاکٹر صاحبہ میری گزارش یہ ہے کہ جس جس کیڈر میں اسامیاں خالی ہیں ان میں ہمیں ہمارا حصہ پورا ملنا چاہیئے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ یہ بات بالکل صحیح ہے لیکن آپ کوٹہ کو اس ساری کلاس میں ضم نہ کریں

انجینئر سید محمد فضل آغا۔ نہیں میں اس کلاس میں نہیں لا رہا ۔ اس لسٹ میں چونکہ آپ کے پاس لسٹ نہیں ہے تو میں دے دیتا ہوں ۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ نہیں ،میرے پاس ہے۔

انجینئر سید محمد فضل آغا۔ میرے پاس جو فہرست ہے اس میں کلاس 4 کے زیادہ ہیں اس لئے میں اس پر زور دے رہا ہوں کیونکہ باقی اوپر والے گریڈز میں گریڈ 22 میں ہمارے حصے جی پتہ نہیں کوئی اسامیاں ملتی ہیں یا نہیں ۔ وہ بعد کی بات ہے اور وزیر صاحب نے calculationمیں بھی زیادہ فراخدلی کا مظاہرہ نہیں کیا ہے جبکہ ہمارے اس حساب سے بھی 26, 27 بنتے ہیں اور انہوں نے 24 تک limit کر دیا ہے اور 22 تک کر دیا۔ اصل میں ہمارا کوٹہ ساڑھے پانچ فیصد بنتا ہے اور ساڑھے تین فیصد کے حساب سے بھی کم از کم گزشتہ 45 سال سے یہی رونا اور خصوصاً" آٹھ سال سے اس فلور پر یہی رونا ہم رو رہے ہیں اور اس کا یہ مداوا نہیں کر سکے ۔ یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ چونکہ یہ ادارہ کراچی میں ہے ، سندھ ایک ایسا صوبہ ہے جس میں پنجاب کے لوگ اگر جا سکتے ہیں صوبہ سرحد کے جا سکتے ہیں تو وہاں پر بلوچستان کے لوگ بھی موجود ہیں یہاں تو کم از کم لوگوں کو رکھا جائے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔وزیر صحت۔

لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد شفیق۔ محترمہ چیئرپرسن صاحبہ! میں تو اس سلسلے میں یہی کہہ سکتا ہوں کہ پچھلے 40 سال سے جو کچھ ہو رہا ہے اس کا تو جواب بالکل نہیں دے سکتا لیکن آئندہ چالیس دن کا جواب میں دے سکتا ہوں کہ اگر اس میں ہو سکا تو انشا اللہ میں اس وعدے کو پورا کرنے کی کوشش کروں گا۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ جناب یوسف شاہین صاحب آخری ضمنی سوال۔

جناب یوسف شاہین داؤد پوتا۔ شکریہ، چیئرپرسن صاحبہ! یہ چالیس سال کے جواب نہیں دیں گے پھر اگلے والے جو آئیں گے وہ کہیں گے ہم پچھلے عرصے کا جواب نہیں دیں گے۔ اس کا کوئی مستقل حل تلاش کیا جائے کہ یہ کوئی watch کرے۔ سینٹ میں کوئی کمیٹی بنائی جائے جو اس قسم کے وعدے ہوتے ہیں ان کو watch کرے یہاں واضح طور پر assurance ملنی چاہیئے۔

سید فصیح اقبال۔ سینٹ کی Assurances Committee موجود ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ شکریہ، وزیر صحت صاحب۔

لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد شفیق۔ ایک نہیں بے شک تین کمیٹیاں بنائیں اور وہ دیکھیں کہ یہ جو وعدے کئے جاتے ہیں یہ پورے کئے جائیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ شکریہ اگلا سوال راجہ محمد افضل صاحب نمبر 35۔

35 *Raja Muhammad Afzal Khan: Will the Minister for Foreign Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that whether Mr. Sharif-ud-Din Pirzada Minister in Caretaker Cabinet imported vehicles during the period of his tenure, if so, the total number of vehicles which were imported; and

(b) whether it is also a fact that the duty on the said vehicles was not paid, if so, its reasons?

Mr. Abdul Sattar: (a) No, veheile was imported by Mr. Sharif-ud-Din.

pirzadaduring his tenure as Minister in the caretaker cabinet.

(b) As no vehicle was imported by Mr. Sharif-ud-Din Pirzada during his tenure as caretaker Foreign Minister, the question of payment, non-payment of duty on the vehicle does not arise.

Madam Acting Chairman: Dr. Muhammad Rehan Sahib, supplementary.

Dr. Muhammad Rehan: Answer given in part (a) is that no vehicle was imported by Mr. Sharifuddin Pirzada during his tenure as Minister in the caretaker cabinet. Will the honourable Minister reply that while he was a Foreign Minister did he import any vehicle for his own person in private capacity?

Madam Acting Chairman: Dr. Hafiz Pasha Sahib.

Dr. Hafiz Pasha: Madam Chairperson, I have been asked by the Minister for Foreign Affairs to reply because as you know he is away in Moscow and we expect him back tomorrow. The position is that Mr. Sharifuddin Pirzada has not imporoted a vehicle which has been given import duty exemption during his tenure as a member of the caretaker cabinet. We have ascertained this and we find that there is no such import.

میڈم قائم مقام چیئرمین ۔ راجہ افضل خان صاحب۔

راجہ محمد افضل خان۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس سے پہلے یہ roving ambassador تھے اور بحرہ کونسل کے چیئرمین تھے اس میں ان کو as foreign service treat کرکے اس وقت انہوں نے کتنی گاڑیاں import کی ہیں۔

Madam Acting Chairman: Dr. Hafiz Pasha.

Dr. Hafiz Pasha: Madam Chairperson, it has come to our

knowledlge that Syed Sharifuddin Pirzada was allowed to import one Mercedese Bens car free of duty when he was Secretary General of the OIC. The details of the vehicle are as follows: Mercedese Bens 300 E 1986 Model. Beyond this we do not know of any other import.

Madam Acting Cahirman: Thank you. Anyother supplementary. Raja Muhammad Afzal Khan Shahib.

راجہ محمد افضل خان۔ میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہوں گا کہ جس capacity میں انہوں نے مرسڈیز بینز امپورٹ کی ہے اور بھی ہیں وہ شاید اس کے لئے فریش نوٹس چاہ رہے ہیں تو آیا یہ قانونی امپورٹ تھی یا ان کا حق بنتا تھا یا نہیں بنتا تھا کیونکہ بحیثیت سفیر بھی میرا خیال ہے حق نہیں بنتا تو یہ کس طریقے سے ان کو relaxation دی گئی یا کون سا قاعدہ ہے جس کے تحت انہوں نے اس کو امپورٹ کیا ہے۔

Madam Acting Chairman: Dr. Hafiz Pasha.

Dr. Hafiz Pasha: Madam Chairperson, this improt which I have just referred to relates to a period which is over seven years ago. We will go into this question regarding the import and I would request that we may be allowed to come back with further details.

Madam Acting Chairman: Fresh notice. Next question Mir Abdul Jabbar, No.36.

36. *Mir abdul Jabbar (on his behalf): Will the Minister for Food and Agriculture and Cooperatives be pleased to state:

(a) whether there is any proposal under consideration of the Government to import pulses during the current year. If so, its details;

(b) the quantity of puleses produced locally and imporoted during the last five years with year-wise break-up; and

(c) foreign exchange to be spent on the import of pulses during the current year?

Mr. Ali Khan Junejo: (a) The import of pulses is carried out by private sector Utility Stores Corporation.

(b) The production and imports of pulses are as follows::

	Production	Imports
	000 tonnes---	
1988-89	641.8	113.0
1989-90	768.5	39.0
1990-91	732.1	66.9
1991-92	706.2	97.2
1992-93(P)	624.7	207.2

(c) As private sector is involved in import of pulses it is not possible to give exact figures of foreign exchange for current year. During 1992-93, an amount of Rs.1472 million was spent for the purpose.

Madam Acting Cahirman: Supplementary, Dr.Rehan Sahib.

Dr. Muhammad Rehan: To the part (a) of the question the honourable Minister has stated that the import of pulses is carried out by private sector and Utility Stores Corporation and then in part (c) he says that because it is being imported in private sector, therefore, it is not possible. The Utility Stores Corporation is under the control of the Ministry of Industries i.e. the Government of Paksitan. So, why it should not be possible for the honoutable Minister to give an answer to this question?

Mr. Ali Khan Junejo: Mdam Chairperson, the Senator, perhaps, should ask the question from the Minsitry of Industries.

Madam Acting Chairman: Here it is written ....

Mr. Ali Khan Junejo: (a) The pulses ......"

And you have answered this.

Mr. Ali Khan Junejo: Madam Chairperson, please put this question to the Ministry of Finance or to the State Bank of Pakistan; I don't have the reply.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ میر جبار صاحب بھی نہیں ہیں اور چونکہ ان دونوں سوالات کے جوابات علی خان جونیجو کے پاس نہیں ہیں اس لئے ان کو defer کرتے ہیں۔

دل میں ایسا دکھ ہے کہ اگر بیان کرتا ہوں تو زبان جلتی ہے' اگر ضبط کرتا ہوں تو میرا بھیجہ پگھلتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان حالات میں ان کمیٹیوں کے مل کر بیٹھنے سے کیا کرو گے جب تک اس غنڈہ گردی' اس دہشت گردی کو ختم کرنے کے لئے آپ physical force نہیں لاتے' physical force کے بارے میں' میں نے آج سے چند سال قبل ایک دفعہ پریس سے خطاب

کرتے ہوئے کہا تھا کہ جب تک گلی کوچوں سے لے کر شاہراہوں تک آپ کے امن سکواڈ نہ ہوں' جب تک یہاں کے رہنے والے باہم مل کر اس خطرے کے لئے متحد نہ ہو جائیں اور حکومت اور حکومت سے باہر جو لوگ ہیں تمام اس مصیبتِ عظمیٰ کو اپنی مصیبت نہ سمجھیں اور پھر آپ ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر جب تک اخوت' محبت' اعتماد' نظریہ پاکستان اور اسلام کی عظمت کا پرچار نہ کریں اس وقت تک یہ سب چیزیں ساتھ ساتھ چلیں گی۔ حکومت کے متعلق پہلے بھی یہ گفتگو ہوئی کہ وہاں پر محترمہ جا کر بیٹھے' وہ بیٹھ کر کیا کرے گی اس کے جتنے ادارے ہیں وہ کام کر رہے ہیں' اس کے پاس کوئی ایٹم بم ہے کہ مار دے سب کو' وہ اس وقت فیل ہو چکی ہے' وہ کچھ نہیں کر سکتی' واحد صورت یہی ہے کہ پیپلز پارٹی اور دوسری تمام جماعتیں باہم مل کر اپنے اختلافات وقتی طور پر ختم کر کے اس فتنے کا مقابلہ کریں' کراچی کو امن دیں' سلامتی دیں' یہاں سے غنڈہ گردی کو ختم کریں۔ قطع نظر اس کے کہ اس میں صوبے کی حکومت ہے یا مرکز کی حکومت ہے۔ یہ بھی دیکھو کہ لاہور کے اندر بھی باقاعدہ ڈاکے پڑ رہے ہیں' وہاں پر بھی لوٹ مار مچی ہوئی ہے ملک کا کوئی کونہ محفوظ نہیں ہے۔ ان حالات میں حکومت کیا کر رہی ہے' یہ کیا مذاق ہے یہ حکومت ایک مذاق بن گئی ہے' ان حالات میں اپنے طور پر محترمہ خود دستبردار ہو کر اقتدار ساری قوم کے سپرد کرے۔ یہ جو ابھی گچکی صاحب نے کہا کہ وہ جو مقدمات ہیں' بھئی جب شہر غرق ہو رہا ہے اور ساری آبادی میں کسی کی جان محفوظ نہیں ہے' اس موقع پر اگر کچھ مقدمات ہیں۔۔۔۔۔۔تو آپ ان مقدمات کو اس مصیبتِ عظمیٰ کے سامنے' اس تباہی کے پیش نظر واپس لے لو۔ ایم کیو ایم کا اعتماد بھی حاصل کرنا ضروری ہے' پیپلز پارٹی کا اعتماد حاصل کرنا بھی ضروری ہے' ہر جماعت کا اعتماد حاصل کرنا ضروری ہے۔ میں نے کہا ہے کہ بچاؤ اپنے آپ کو' اپنے متعلقین کو دوزخ سے' جہنم سے بچاؤ' جس کے ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔ یہ اس وقت جو کراچی جہنم بن چکا ہے' جہنم زار بن چکا ہے ان حالات میں حکومت' کیا حکومت ہے' کیا گورنری ہے' کیا صدارت ہے یہ تو اپنے آپ کو دھوکہ دینا ہے ایسی صدارت کیا جب لوگوں کی جان و مال عزت آبرو محفوظ نہ ہو' میں سمجھتا ہوں سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ ایک ظالم مسلمان سے عادل کافر بہتر ہے۔ ان حالات میں میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں کہ گلی کوچے میں کمیٹیاں بنیں' تمام جماعتوں کے نمائندے موجود ہوں۔ دیانت دار ایماندار نیک نوجوان باقاعدہ امن سکواڈ کے لئے منتخب کئے جائیں۔ ان کو سامان دیا جائے' اسلحہ دیا جائے' ٹرانسپورٹ دی

جائے۔ اس طریقے پر محلے کے اندر، شہر کے اندر اس طرح بنیں اور اس کا بوجھ قوم بھی اٹھائے، حکومت بھی اٹھائے۔ یہ دہشت گرد مل کر دو گھنٹے "نوائے وقت" کو برباد کرتے رہے، اگر پٹرول کرتے ہوئے امن سکواڈ کے نوجوان پھر رہے ہوتے تو کوئی بچ کر نہیں جا سکتا تھا۔ جس طرح کہ "تکبیر" کے ایڈیٹر کو انہوں نے شہید کیا ہے دہشت گرد بچ کر نہ جا سکتے روزمرہ یہ باتیں ہو رہی ہیں یہ بالکل بچ نہیں سکتے تھے۔ ہم نے دیہات کی زندگی بھی بسر کی ہے۔ دیہات میں ایک زمانے میں out laws باقاعدہ ڈاکے ڈالتے تھے، قتل و غارت کرتے تھے۔ اس وقت ہم نے خود اپنی رضاکاروں کی فوج بنائی تھی پولیس کے ساتھ ان کو کھڑا کیا تھا۔ گشت پر نکلتے تھے ان کا مقابلہ کرتے تھے۔ جب تک ساری قوم (فارسی) ہر جماعت کا فرد جمع ہو کر اس مصیبت کے اندر کھڑا نہیں ہو جاتا۔ یہ صدارتیں، یہ وزارتیں، یہ حکومتیں مذاق ہے دھوکہ دینا ہے اپنے آپ کو۔ اس لئے میرے بھائی عزیز دوست پیپلز پارٹی والے اس بات کو محسوس نہ کریں یہ جو آپ کو وزارت ملی ہے اس وزارت کو کیا کرو گے۔ جب امن قائم نہیں کرسکتے۔ امن بنیادی ذمہ داری ہے حکومت کی۔ جو حکومت امن قائم نہیں کرسکتی ایک لمحہ کے لئے اس کو اقتدار پر بیٹھنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ اس لئے لوگوں کی جان و مال، عزت و آبرو کا تحفظ اپنی ذمہ داری محسوس کرے، یہ اقتدار دھوکہ ہے، یہ وزارتیں عظمیٰ و اعلیٰ دھوکہ ہے، یہ بیروں ملک پھیرے، ان سے کام نہیں بنے گا۔ ساری قوم کو involve کرو، تمام جماعتوں کو involve کرو، لیڈروں کو جمع کر کے کہو کہ اس مصیبت کا مقابلہ کرنے کے لئے تم بھی جان و مال کی بازی لگا دو۔ اگر ضرورت ہے تو بارڈر کو سیل کر دو، اگر وہاں سے "را" کے ایجنٹ آتے ہیں "را" کے ایجنٹ کہاں ٹھہرتے ہیں ہر ایک کا باقاعدہ شناختی کارڈ بناؤ۔ اور دیکھو Who comes here کون آرہا ہے دکھاؤ کارڈ ہر ایک کی پڑتال کرو۔ اس طرح ہمارے آدمی پٹرول کر رہے ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں کوئی بچ کے نہیں جا سکتا۔ لیکن شرط اول آنست کہ مجنوں باشی۔ شرط اول یہ ہے کہ آیا اس غم کے اندر اس مصیبت کے مقابلے کے لئے آپ باقاعدہ جنون کی حد تک پہنچ جائیں۔ میں گزارش کروں گا کہ بحالات موجودہ یہ محترمہ وزیراعظم صاحبہ اور آپ کے جتنے صوبائی وزیراعلیٰ ہیں یہ تمام کے تمام اس مصیبت کی گھڑی میں متحد ہوجائیں، متفق ہوجائیں، مجتمع ہو جائیں۔ اپنے اختلافات کو سردست ختم کر دیں اور اس وقت کھڑے ہو کر ایسی ایسی حکومتیں بنائیں جو پاپولر ہوں۔ ہر ایک کو اس پر اعتماد ہو، سب مل کر جدوجہد کریں میں سمجھتا ہوں کہ صرف اسی

صورت میں اس فتنے کا مقابلہ ہو سکتا ہے۔ ہاؤس کی کمیٹی بنا کر جاؤ۔ کیا کرو گے کمیٹی بنا کر۔ باتیں کر کے آ جاؤ گے۔ تم کو قتل کر دیں گے۔ وہاں پر جرگہ بنا کر جاؤ۔ جرگہ کیا کرے گا وہاں پر۔ جب تک آپ ایک گلی کوچے سے لے کر شاہرہ تک سارے ملک کے اندر ایسی پاپولر نظام حکومت نہیں بناتے یہ میاں نواز شریف بھی، محترمہ بے نظیر کے ساتھ اتفاق کرے (بمصداق یکدلی از ہنر باقی بہتر است) یک دل اور یک زبان ہو کر اس مصیبت کے اندر، اس آزمائش کے اندر اس قیامت کبریٰ کے اندر میں سمجھتا ہوں کہ یہ وزارتیں، یہ صدارتیں سب دھوکہ ہے فریب ہے۔ اس لئے میری گزارش یہ ہوگی پہلے ہی میں نے کہا تھا کہ اگر آپ کے گھر میں بچھو گھس جائیں سانپ گھس جائیں، تو کیا پولیس کو بلاؤ گے۔ گھر کے سارے آدمی جو کچھ ہاتھ میں آئے ان کو مارنے کے لئے نکلو گے۔ اسی طرح ساری آبادی جو ملک کی ہے اٹھ کھڑی ہو اور منظم نوجوان جن کے پاس اسلحہ بھی ہو، ٹرانسپورٹ بھی ہو، علاقے کے لوگ بھی ان کا باقاعدہ بوجھ اٹھائیں، حکومت بھی بوجھ اٹھائے۔ اس مصیبت کی گھڑی میں جب تک کہ شراکت نہیں کرو گے، جب تک اقتدار میں ایک دوسرے کو شامل نہیں کرو گے۔ تم فیل ہو چکے ہو۔ ایک ڈاکٹر ایک مریض کا علاج کر رہاہے، مریض ٹھیک نہ ہو تو پھر ٹیکہ لگایا جاتا ہے، یہ مردے کو ٹیکہ لگائے گا۔ تم سے انتظام نہیں ہوگا، تم اس کو چھوڑو۔ میں نے کہا تھا طوطے کو پڑھانا ہوتا، طوطا نہیں پڑھتا، تو کہنا پڑے گا پڑھ پڑھ نہ پڑھ، پنجرا خالی کر۔ اس لئے بحالت موجودہ میری گزارش یہ ہے کہ باقاعدہ گلی کوچے سے لے کر سٹرک تک، شاہراہ تک، باقاعدہ امن سکواڈ والے ہوں، مسلح ہوں، پیٹرول کرتے پھریں، ان کے پاس ٹرانسپورٹ ہو، ان پاس اسلحہ ہو اور صوبے اور مرکز کی قومی حکومتیں بنیں۔ یہی حل ہے، یہی میری عاجزانہ رائے ہے۔ شکریہ!

جناب قائم مقام چیئرمین۔ شکریہ مولانا صاحب۔ جی ملک قاسم صاحب آپ صاحبان نے فیصلہ کیا؟

ملک محمد قاسم۔ کل نہیں پرسوں شام کو پانچ بجے رکھ لیا جائے۔ کل نہ رکھا جائے۔ کل کیبنٹ میٹنگ وغیرہ بھی ہے اور پرسوں شام کو اس لئے کہہ رہے ہیں کہ ECO کی opening وغیرہ ہو جائے گی تو شام کو رکھ لیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ جناب راجہ صاحب آپ اتفاق فرماتے ہیں۔

راجہ محمد ظفر الحق - جناب چیئرمین کل کیبنٹ میٹنگ ہے ، منسٹرز نہیں ہوں گے ، ویسے بھی ایک آدھ ہی ہوتا ہے۔ بہرحال اگر وہ نہیں آ سکتے تو کوئی بات نہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین - نہیں آج تو بہت تھے جی ۔

راجہ محمد ظفر الحق - وہ بھی پوری فوج ہے کوئی بات نہیں ۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ کل اگر کیبنٹ میٹنگ ہے تو پرسوں شام کو رکھ لیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ کتنے بجے ۔

راجہ محمد ظفر الحق -پانچ بجے۔ کچھ کام تو ہو سکے ۔ اب جوبات کرنا چاہیں وہ کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین۔ ایک تقریر اور ہو جائے۔ اب جام صاحب کا نمبر ہے ۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین - جناب راجہ صاحب ایک گزارش تھی آپ بھی سن لیں میاں صاحب ، نسرین جلیل صاحبہ نے مجھے لکھ کر بھیجا ہے کہ چونکہ میں جا رہی ہوں اس لئے اگر آپ آج مجھے وقت دے دیں تو میں اپنی تقریر کر لوں۔ اگر آپ دونوں صاحبان فرماتے ہیں تو ٹھیک ہے ۔ ٹھیک ہے جناب ، تو میں محترمہ نسرین صاحبہ آپ کو فلور دیتا ہوں۔ جناب جام صاحب آپ کو بعد میں وقت دوں گا۔

بیگم نسرین جلیل - شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم - میں یہ کہنا چاہتی ہوں پروفیسر خورشید صاحب نے جو points دئیے ہیں اور جو frame work دیا ہے اس سے بہتر شاید MQM خود بھی express نہ کر پاتی ، چونکہ انہوں نے یہ کہا کہ ہمیں دلجوئی کی ضرورت ہے جو کچھ آج کراچی میں ہو رہا ہے اس سے پورے کراچی کے لوگ پریشان ہیں اور ہر گھر بے چین اور سہما ہوا ہے ۔ اس سلسلے میں CO's کے نام 5 دسمبر کو الطاف حسین صاحب نے ایک خط بھی لکھا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ہم بارہا حکومت کے ساتھ بیٹھے بھی ہیں ، ہم نے یہ بھی کہا ہے کہ صاحب ہمارے ساتھ ہمدردی کی جائے ، ہم پر بہت ظلم ہوا ہے ۔ بجائے مدد کرنے کے یا کوئی مؤثر اقدام کرنے کے حکومت نے اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا اور سال بھر ہم ان کے ساتھ بیٹھتے رہے لیکن اس کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا ۔ کمیٹی بنانے کی جو تجویز ہے وہ

Mian Raza Rabbani: Sir, I will be in touch with General Babar.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جو تفصیل انہوں نے دی تھی کہ یہ صورتحال ہے---

چودھری شجاعت حسین۔ کیا کہا جی آپ نے۔

جناب چیئرمین۔ وہ کہتے ہیں جی I will get in touch with the authorities۔

چودھری شجاعت حسین۔ ہیں جی آج کے بعد پھر اگلے مہینے اجلاس آئے گا جناب والا' یا تو یہ وعدہ کریں ----

جناب چیئرمین۔ نہیں in the meantime we will be in touch to see this۔

Mian Raza Rabbani: I will be in touch with the Chairman.

چودھری شجاعت حسین۔ جیسے آپ کی مرضی۔

جناب چیئرمین۔ ویسے آج کل کے حالات میں پولیس والے ساتھ ہوں تو فائدہ ہی ہے۔ جی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! اس میں آج کچھ مزید پیش رفت ہوئی ہے کہ آج مسٹر زاہد کلکٹر آف پشاور سے بھی بات ہوئی ہے اور ان کا خیال ہے کہ جو چیزیں اور raw material پشاور انڈسٹریل یونٹس کے لئے آتا ہے جو value added goods بنتی ہیں' which was meant to be exported جن کے حق میں بنک گارنٹی ہوتی ہے تو وہ physically افغانستان نہیں کی جاتیں وہ وہیں پر استعمال ہو جاتی ہیں' کاغذوں میں دکھا دی جاتی ہیں۔ تو گزارش یہ ہے کہ صرف یہ ایک ایریا نہیں ہے جہاں پر یہ صورتحال ہے بلکہ لاہور' گوجرانوالہ یہ ایک سسٹم ہے ایک طریقہ کار ہے۔ اب اس میں مزید ہم نے پیش رفت کی ہے کہ افغانستان میں ہماری ایمبیسی اس چیز کی verification کرتی ہے کہ either the thing which has been exported has been physically exported or not اسے لے کر پھر اس وقت تک بنک گارنٹی ریلیز نہیں ہوتی تاوقتیکہ افغانستان میں جو ہماری ایمبیسی اس کو physically verfiy نہ کرے کہ یہ آئیٹم prescribed that they were to be exported وہ export ہوئے ہیں۔

Mr. Chairman: When was this concession given.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ 89ء میں دی گئی تھی۔ دو طریقہ کار ہیں---

جناب چیئرمین، جی وہ میں سمجھ گیا ہوں وہ کل آپ نے بتا دیئے تھے، جی ریحان صاحب یہ کب سے چل رہا ہے------ نہیں مطلب کل سے شروع ہوا ہے، چھ مہینے سے ہے یا سال سے چل رہا ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان، جناب چیئرمین! 14 جون کے اخبار میں آیا تھا--

جناب چیئرمین، نہیں میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ کل ہی arise ہوا ہے یا چھ سال سے، ڈیڑھ سال سے یا recently ہوا ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان، جی جناب یہ recently ہوا ہے جی۔

Mr. Chairman: No, it is a continuous problem, the problem about Afghanistan, smuggled goods coming here going there. So, it is an important issue.

ڈاکٹر محمد ریحان، نہیں جناب بات اس طرح نہیں ہے۔ اگر آپ میری عرض سن لیں۔ جناب والا! raw material امپورٹ ہو جاتا ہے اور وہ کچھ industrialists کو دیا جاتا ہے اس بنیاد پر کہ وہ--

Mr. Chairman: I know, what I am saying is

کہ یہ مسئلہ کب سے، یہ آج سے تو شروع نہیں ہوا۔

ڈاکٹر محمد ریحان، نہیں جناب، یہ ابھی recently شروع ہوا ہے۔

جناب چیئرمین، نہیں نہیں جب سے یہ concession دی گئی ہے، جب سے raw material کی امپورٹ پر ڈیوٹی کی معافی دی گئی ہے، یہ مسئلہ تب سے ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان، کم از کم پشاور میں تو اب شروع ہوا ہے۔

Mr. Chairman: It is not recent. So, it is a problem which is continuing.

So, it is a more appropriate thing

کہ کمیٹی میں آپ اس کو examine کریں اور حکومت کو کہیں کہ اس پر پالیسی renew کیا جائے۔

ڈاکٹر محمد ریحان، بہت بجا جی' جناب والا! میری یہ درخواست تھی کہ اس کو فنانس کمیٹی کو ریفر کر دیں۔

جناب چیئرمین، نہیں ریفر کرنے کی ضرورت نہیں ہے' فنانس کمیٹی اس معاملے میں خودمختار ہے۔ کوئی کمیٹی بھی ہے وہ خودمختار ہے۔

ڈاکٹر محمد ریحان، اگر آپ اس کو ریفر کر دیں تو یہ زیادہ بہتر ہو جائے گا۔

Mr. Chairman: That would be a very special power, I don't want to be becouse normal procedure

میں وہ چیز نہیں ہے کہ میں اٹھا کر ریفر کر دوں۔

ڈاکٹر محمد ریحان، جناب والا! اس سے پہلے آپ نے ہیلتھ کمیٹیز کو، مختلف کمیٹیز کو ریفر کیا تھا۔

جناب چیئرمین، نہیں نہیں وہ by agreement سب کچھ ہو سکتا ہے۔

So, this is disposed of on the statement of the Minister and because it is a continuing problem.

Next Khurshid Ahmed and Anwar Bhinder Sahib on the alleged batton charge and tear gasing of Police against the protesting Clerks in the Federal Capital.

جناب بھنڈر صاحب۔

چوہدری انور بھنڈر، جناب چیئرمین! مجھے بہت افسوس ہے کہ یہ موشن مجھے ٹیبل پر پہنچائی نہیں گئی تھی اس لئے

Sir, I beg to move that the Senate do now adjourn to discuss an urgent matter of

public importance namely the strike and demonstration of all Pakistan.

جناب! یہ جو 31 ہے، اس کے لئے میری گزارش ہے کہ میں اپنی اگلی موشن پیش کر دوں۔ کیونکہ وہ زیادہ اہم ہے۔

جناب چیئرمین، تو پھر اس کو withdraw کر لیں ناں۔ کیونکہ یہ تو ویسے ہی پرانا مسئلہ ہو گیا ہے۔

چوہدری انور بھنڈر ، جی جناب ۔ ٹھیک ہے جناب ۔ مجھے جناب اجازت دی جانے کہ اس کی بجائے اپنی اگلی موشن پیش کر دوں۔

جناب چیئرمین، نہیں اگلی آرہی ہے اس کے بعد۔۔۔ چلیں ٹھیک ہے، کیونکہ اس کے بعد بشیر ترین صاحب کا نمبر ہے۔

ii) RE: ADVERTISING COMPAIGN OF FEDERAL GOVERNMENT.

Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I beg to move that the Senate do now adjourn to discuss an urgent matter of public importance namely; theunwarranted , undemocratic and unethical advertisement by the Federal Government showing the performance of the present Government alongwith the photographs of the Prime Minister and Mian Muhammad Nawaz Sharif, ex-Prime Minister of. Pakistan in the daily 'Jang' and 'News' simply to disgrace the opposition and its leader. It has created a great resentment in the minds of the people of Pakistan.

جناب چیئرمین، جی جناب سرتاج عزیز صاحب آپ کا بھی یہی ہے۔

Mr. Sirtaj Aziz: I wish to move, under Rule 174 of the Rules of Procedures that the House do adjourn to discuss the situation, arising from the advertising campaign launched by the Ministry of Finance.

Most of the advertisements are based on inaccurate facts and bear the election symbol of the Pakistan People's Party. Ministries are not allowed, under the Rules, to undertake political publicity of the ruling party in such a blatant manner. The cost of this political campaign should, therefore, be borne by the political party concerned and not by the Government.

There is a strong public reaction to this false campaign which needs full discussion in the House.

Dr.Sher Afgan Khan Niazi: I oppose it.

جناب چیئرمین: جی کچھ تفصیل ہو جائے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا میں اس سلسلے میں عرض کرنا چاہوں گا کہ میں نے یہ موشن ۲۰ جون کو دی تھی اور جونہی میرے نوٹس میں آئی اور جونہی میں نے اخبارات میں وہ تصاویر اور یہ پراپیگنڈہ دیکھا تو میں نے یہ موشن موو کی۔ اس تحریک کی رو سے میں اس بات کو زیر بحث لانا چاہتا ہوں اور اس ایوان سے یہ درخواست کرتا ہوں اور آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس موشن کو ان آرڈر قرار دیا جائے۔ جناب یہ ایک نہایت ہی غیر جمہوری روایات ہے اور جناب نے دیکھا ہو گا کہ سیاست میں اختلافات بھی ہوتے آئے ہیں سیاست میں ایک وزیراعظم جاتا ہے دوسرا وزیراعظم ان پاور آجاتا ہے لیکن ان کا باہمی تقدس ان کا باہمی احترام ہمیشہ قائم رہتا ہے لیکن ان تصاویر کی رو سے اور ان advertisement کی رو سے حکومت نے ایک ایسی حرکت کی ہے جو کہ میں سمجھتا ہوں قابل مذمت ہے اس میں ایک ایسی میاں محمد نواز شریف کی تصویر دی گئی جو کہ اچھی تصویر نہیں تھی اور اس میں سے کچھ اور تاثرات دینے کی کوشش کی گئی اور اس کے علاوہ مسلسل اپنی پرفارمنس دکھاتے رہے۔

جناب والا جہاں تک پرفارمنس کا تعلق ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ حکومتیں ہمیشہ اپنی پرفارمنس شو کرتی آئی ہیں لیکن اس طرح تصویروں کے ساتھ دینا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ تصویریں اخباروں میں کیا دیتے ہیں عوام کے سامنے دونوں کو پیش کر دیجئے اور دیکھ لیجئے کہ کس کی کیا تصویر ہے اور کیا کسی کی پرفارمنس ہے جناب والا میں اکنامک سروے آف پاکستان

۹۵-۱۹۹۴ء جو ابھی حال ہی میں حکومت نے شائع کیا ہے اور دیا ہے اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ کونسی پرفارمنس کو یہ پراجیکٹ کر رہے ہیں جناب مینوفیکچرنگ میں ۹۳-۱۹۹۲ میں جب میاں محمد نواز شریف وزیراعظم تھے 5.35 تھا ۹۵-۱۹۹۴ میں 4.41 رہ گیا۔ سروسز سیکٹر میں 4.63 کی بجائے 4.42 رہ گیا۔ فارن سیونگز میں 34.46 کی بجائے 22.37 رہ گیا۔ ٹوٹل انویسٹمنٹ پبلک اور پرائیویٹ میں 20.55 سے 19.03 رہ گیا جناب والا consumer price development expenditure میں 7.9 کی بجائے 4.00 رہ گیا۔ ایکسپورٹ میں 11.7 کی بجائے اگلی اگلے سال 13- ہوگئی اور اس کے اب ان کی 10.03ہے۔ جناب والا اس کے علاوہ بنک ورکرز لمیٹڈ جو تھے وہ 174 تھے میاں نواز شریف کے وقت وہ 174 کی بجائے 8 رہ گئے۔ کاٹن یارن میں 325 کی بجائے 255 رہ گئے۔ کاٹن کلاتھ میں 3.2 کی بجائے 2.8 رہ گئے اور سیمنٹ میں 186 کی بجائے 145 رہ گئے شوگر 8.6 سے 6.0 رہ گئی۔ سوڈا کاسٹک 81 سے 66 رہ گیا۔ جناب والا جیوٹ گڈز میں 98 کی بجائے 61 رہ گئی۔ جناب کس پرفارمنس کی بات کرتے ہیں۔ کس پرفارمنس کو یہ پراجیکٹ کرنا چاہتے ہیں اور پرفارمنس یہ کہ کراچی کی حالت آج دیکھ لو۔ لاء اینڈ آرڈر کی حالت دیکھ لو، بنک ڈکیتی کو آج دیکھ لو، دوسری ڈکیتی کو جناب والا دیکھ لو کس پرفارمنس کی بات کرتے ہیں اور کونسی تصویریں شائع کرتے ہیں یہ جناب والا ایک بجی تلی اور سوچی سمجھی ہوئی سکیم ہے جس کے ذریعے اپوزیشن کو disgrace کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اپوزیشن لیڈر کو disgrace کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس پر اس ایوان میں باقاعدہ بحث ہو تاکہ یہ معلوم ہو سکے۔ تاکہ ہم بھی عوام کے سامنے یہ چیز پیش کر سکیں۔ کہ یہ ایڈورٹائزمنٹ ساری جو ہیں یہ ایک مذموم کوشش ہے اور یہ غلط اور یہ بالکل واقعات کے برعکس پراپگنڈہ ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین - سرتاج عزیز صاحب -

جناب سرتاج عزیز - جناب چیئرمین ! میں فاضل ممبر سے اتفاق کرتے ہوئے صرف تین نکات کا اضافہ کروں گا، پہلے تو admissibility کے point of veiw سے it is not only a matter of recent occurrence but continuing occurrence کیونکہ جس دن میں نے موشن دیا تھا یعنی 26 جون کو اس کے بعد دو اور اشتہار 16 اور 17 جولائی کو آچکے ہیں ۔جو سنگل ایشو اس وقت ہم raise کر رہے ہیں وہ propriety پر ہے کہ آیا گورنمنٹ کی ایک منسٹری کا اس

قسم کا پولیٹیکل پروپیگنڈا ایک پولیٹیکل پارٹی کے symbol کے ساتھ کرنا مناسب ہے یا نہیں۔ ہمارےrules اور روایات کے مطابق گورنمنٹ بھی پبلسٹی کرتی ہے اور اس وقت جو بھی رولنگ پارٹی ہوتی ہے اس کو کچھ نہ کچھ indirect فائدہ ضرور ہوتا ہے لیکن جسblatant طریقے سے یہ مہم جاری ہے جس میں نہ صرف ایک پارٹی کا الیکشنsymbol دیا گیا ہے بلکہ "to prosperity follow the arrow" جیسا واضح ہے politicised slogan بھی دیا گیا ہے اس کے بعد جیسا بھنڈر صاحب نے کہا جس طرح performanceکے لئے selective indicators چنے گئے ہیں اس میں بھی اعداد و شمار زیادہ تر غلط دیئے گئے ہیں جب ایک منسٹری کے نام پر پبلسٹی ہوتی ہے تو لوگ توقع کرتے ہیں کہ صحیح facts and figures پیش کئے جائیں گے اگر آپ یہ موشن admit کر کے تفصیلی بحث کی اجازت دیں گے تو میں آپ کو اورتفصیل سے اس پر facts and figures پیش کر سکتا ہوں لیکن اس وقت مختصراً دو مثالیں پیش کرنا چاہتا ہوں مثلاً جو 16 جولائی کا ایک ad ہے اس میں ہے کہ "wheat prices increased by the present Government by 20%" اور نواز شریف صاحب کی تصویر کے نیچے ہے "wheat prices rose by 24%" اب یہ اکنامک سروے حال ہی میں جاری ہوا ہے اسی کو دیکھ لیں تو بالکل صاف واضح ہے کہ 1990-91 میں آٹے کی قیمت 3 روپے 66 پیسے فی کلو تھی اور 2 سال کے بعد یعنی 1992-93 میں 4 روپے 44 پیسے فی کلو یعنی ان دو سالوں میں صرف 20 فیصد کا اضافہ ہوا ہے یعنی ہر سال تقریباً 9-8 فیصد ہے اب مارچ 1995 کی قیمت فی کلو 5 روپے 89 پیسے دی ہے یعنی ڈیڑھ روپیہ زیادہ اس وقت یعنی جولائی 1995 میں آٹے کی قیمت 6.50 روپے فی کلو ہے تو یہ ٹوٹل اسی حکومت کے دوران 50 فیصدی سے زیادہ ہے اور اس حقیقت کو یہ توڑ موڑ کر present کر رہے ہیں اس طرح ان دو سالوں میں گھی کی قیمت دوگنی ہو گئی ہے۔ اگلا اشتہار جو ہے وہ سیمنٹ کا ہے کہ سیمنٹ کی قیمتیں average 11 فیصد اب اسی حکومت کے دور میں بڑھی ہیں اور نواز شریف صاحب کے دور حکومت میں 24 فیصد بڑھی تھیں اب اس سے زیادہ غلط بیانی میں نہیں دیکھ سکتا اور جس نے بھی یہ کرنے کی کوشش کی ہے وہ اپنی طرف سے حقائق توڑ موڑ کر پیش کرنے کی کوشش کی ہے کیونکہ جو بھی اس کا مطالعہ کرے گا اس سے صاف ظاہر ہوگا کہ سیمنٹ کی قیمتیں جو تھیں وہ ہمارے ڈھائی سال کے دور میں تقریباً 110 روپے بوری رہی اور چونکہ اس وقت پنجاب اور صوبہ سرحد کی مانگ پانچ ملین ٹن کی تھی، اور پروڈکشن چار

ملین ٹن تھی تو ایک ملین ٹن سیمنٹ ساؤتھ سے ٹرانسفر ہوتا تھا اور سیمنٹ کارپوریشن 30-25 روپیہ جو کرایہ لگتا تھا اس کو subsidise کرتی تھی جب پرائیویٹائزیشن ہو گئی اور وہ subsidy ختم ہو گئی توکراچی حیدر آباد میں قیمت 110 روپے برقرار رہی ہے لیکن دوسرے صوبوں میں 140-135 کے درمیان سیمنٹ کی قیمت تھی جب ہماری حکومت ختم ہو ئی اور اس کے بعد پچھلے ہفتے ایک اخباری بیان چھپا ہے جس میں صاف لکھا ہوا ہے کہ جولائی 1994 میں یہ قیمت 212 روپے تک اسلام آباد پہنچ گئی اور 165 روپے کراچی میں تھی 190 روپے ملتان میں تھی۔ اب اس وقت چونکہ اقتصادی کا رکردگی ایسی ہے کہ کنسٹرکشن activity گر گئی ہے اور سیمنٹ کی پروڈکشن بھی گر گئی ہے اگر آپ ا سی اکنامک سروے کا' انڈسٹریل پروڈکشن کا ڈیٹا دیکھیں صفحہ 74 پر۔ اس میں سیمنٹ کی پروڈکشن 8.5 ملین ٹن جو ہمارے وقت میں تھی اب 7.5 ملین ٹن پر آگئی ہے تو اس کمی کی وجہ سے قیمتیں جولائی 94 کے مقابلے میں گر کر 165-160 روپے فی بوری ہو گئی ہیں لیکن یہ جو ان کا اشتہار ہے کہ گیارہ فیصد بڑھی ہیں وہ کہاں سے آیا۔ کراچی میں 110 سے 165 روپے فی بوری قیمت بڑھی تو 50 فیصد کا اضافہ ہوا معلوم نہیں 11 فیصد کا اضافہ یہ کہاں سے لائے ہیں اور بیچ میں قیمت 220 اور 215 پر بھی پہنچی تھی۔ تو اس طرح کی غلط بیانیوں سے یہ campaign پیش کی گئی ہے اور اس پر جیسے میں نے کہا کہ پبلک کنسرن بھی کافی ہے اس کا حوالہ میں ایک کارٹون سے دیتا ہوں جو نیشن 22 جو ن میں چھپا تھا اس میں ارباب اختیار کی تصویر دی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ "we are better off today" اور کچھ غریب ننگے لوگ کھڑے ہیں وہ کہتے ہیں "no doubt" اس قسم کے اور بھی comments جو ہیں وہ اخبارات میں اس campaign پر آئے ہوئے ہیں اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ صحیح روایت نہیں ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے تجویز کیا تھا۔ منسٹری آف انفارمیشن کو چاہئیے کہ ان اشتہارات کا بل پیپلز پارٹی سیکرٹریٹ کو بھیج دے کیونکہ یہ سیاسی اشتہار ہیں اور حکومت کے خزانے پر ان اشتہارات کا بوجھ نہیں پڑنا چاہیے۔

جناب چیئرمین۔ جی وزیر صاحب ۔ ایڈجرنمنٹ پر تو یہ نہیں ہوتا ۔ پہلے وزیر صاحب کی بات سن لیں ۔

جناب منظور احمد گچکی۔ جب ایڈجرنمنٹ پر mover ہی بول سکتا ہے تو پھر یہ کریں

with other similar Sector/Blocks.

84. ***Malik Abdul Wahid:** Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to refer to Senate Starred Question No. 181 replied on 7th July, 1992, and state the action taken so far on the repair/reconditioning of Street No. 56, G-7/2, Islamabad.

Mr. Justice (Retd.) Abdul Shakurul Salam: The work in question was awarded to M/s Pak. Universal in April, 1992, who left after doing partial work. Their contract was rescinded and the left over work was awarded to M/s. Nobat Khan on 3rd July, 1993 at the risk and cost of the first contractor. The work is to be completed in six months.

85. ***Mr. Bashir Ahmed:** Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state whether it is a fact that there is acute shortage of drinking water in some sectors of Islamabad? if so, the time by which the said deficiency will be removed.

Mr. Justice (Retd.) Abdul Shakurul Salam: Yes. It is a fact that there is a shortage of water in Islamabad. The CDA has formulated various schemes of development of water resources. Depending upon the availability of resources to implement the projects as planned, the supply and demand of water can be balanced in about three years time

86. ***Haji Malik Faridullah Khan:** Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state the total number of posts of Deputy Director (Civil Engineer) in the Capital Development Authority indicating also the names and place of domicile of the incumbants?

Mr. Justice (Retd.) Abdul Shakurul Salam: Total number of posts of Deputy Director (Civil) in CDA is 35. The names and place of domicile of

Annexure

LIST OF DEPUTY DIRECTORS (CIVIL ENGINEER)

S. No.	Name	Domicile	Remarks
	M/s.		
1.	Abdul Bashir Naseem	N.W.F.P.	
2.	Shakil Jan	N.W.F.P.	
3.	Yousaf Ali	N.W.F.P.	
4.	Ikramullah	N.W.F.P.	
5.	Shafaat Ali Shah	N.W.F.P.	
6.	Inamullah	N.W.F.P.	
7.	Fateh Muhammad	N.W.F.P.	
8.	Abdul Rashid Chaudhry	Punjab	
9.	Sohail Ahmad Mushtaq	Punjab	
10.	Muhammad Rafiq Abbasi	Punjab	
11.	Sadre Azam	N.W.F.P.	
12.	Muhammad Asghar Rai	Punjab	
13.	Akhtar Zeb	N.W.F.P.	
14.	Liaqat Hussain	N.W.F.P.	
15.	Taj Muhammad	N.W.F.P.	
16.	Saadullah Khan Bungash	N.W.F.P.	
17.	Ali Mubarik Masud	Punjab	
18.	Muhammad Ashraf Awan	Punjab	
19.	Muhammad Ashiq Chaudhry	Punjab	
20.	Latif Ahmed Tafi	Punjab	
21.	Muhammad Mansha Yad	Punjab	
22.	Shafqat Ellahi	Punjab	
23.	Sikandar Ali Abbasi	Sindh	
24.	Fida Hussain	Punjab	
25.	Muhammad Khan	N.W.F.P.	
26.	Fazal-e-Akbar	N.W.F.P.	
27.	Abdul Jabbar Malano	Sindh	
28.	Noorullah Siddiqui	Punjab	
29.	Sanaullah Aman	N.W.F.P.	
30.	Karrar Hussain Naqvi	Sindh	
31.	Ibrahim Khan	N.W.F.P.	Assistant Director (BPS-17) working as officiating Deputy Directors in their own pay and scale.
32.	Faqir Muhammad Tariq	N.W.F.P.	
33.	Muhammad Salim Khan	N.W.F.P.	
34.	Shabbir Ahmad	N.W.F.P.	
35.	Dual charge being held by Dy Director shown at S. No. 1.		

87. *Dr. Muhammad Rehan: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) whether it is a fact that for replacing the worn out wires of meters installed in quarters in Sector G-7/3-4, the C.D.A., under the prescribed rules, had promised to give WAPDA, 60 percent grant of its share in 1992;

(b) whether it is also a fact that the CDA has not provided 60 percent amount due to which the worn out wires continue to pose great danger to the people; and

(c) If the answer to above be in the affirmative, the time by which the said amount would be provided and wires replaced?

Mr. Justice (Retd.) Shakurul Salam: (b) No.

(b) No.

(c) Question does not arise.

88. ***Syed Abdullah Shah:** (a) Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the amount of the discretionary grant allocated for the Prime Minister during the current financial year; and

(b) the amount so spent by the former Prime Minister with year-wise break-up and its details of disbursement?

Syed Babar Ali: (a) An amount of Rs. 800,000/- has been allocated for the Discretionary Grant of the Prime Minister during the current financial year 1993-94. Expenditure under this head so far is nil.

(b) The amount of Discretionary Grant allocated and spent by the former Prime Minister is given as per details attached at (Annex-A B&C).

(Annexure have been placed in the Senate Library)

90. *Mr. Muhamad Raza Khan: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state whether it is a fact that LDCs/UDCs/Assistants working in the attached departments have been granted selection grade whereas Superintendents working in attached depatments have been deprived of this benefits; if so, its reasons and the time by which they will be granted selection grade?

Syed Babar Ali: Yes. The benefit of grant of selection grade B-17 has not been extended to the Superintendents working in the attched departments because this benefit is restricted to the Superintendents working in Federal Secretariat only who have rare chance of promotion to the higher posts in the Secretariat whereas the chances of promotion and further advancement for Superintendents are available in the attached departments i.e. they can be promoted to the post of Administrative Officer/Budget Officer, Assistant Director etc. No proposal regarding grant of selection grade to the Superintendents of Attached Departments is under consideration at present.

91. *Mr. Bostan Ali Hothi: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state whether the plots allotted to affectees of Bheka Syedan in Sectors F-11 and I-11 Islamabad are non-transferable, if so, its reasons?

Mr. Justice (Retd.) Abdul Shakurul Salam: All residential plots allotted to affectees and others including those of Bheka Syedan are transferable. However, the plots allotted to affectees of village Bheka Syedan are not being allowed to be transferred for the time being as there were allegations that certain bogus compensation awards with consequential allotment of plots had been made. An inquiry has been conducted and the matter is under consideration with the CDA Board. This restriction will be removed after the determination by the Board.

92. *Mr Abdur Rahim Khan: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to refer to the National Assembly Starred Question No. 143 dated 9th August, 1992 and state the steps taken by the Government so far for provision of additional ceiling and exhaust fans in 'A' type quarters G-8/1 Islamabad.

Mr. Justice (Retd.) Abdul Shakurul Salam: It was submitted in reply to Starred Question No. 143 that the installation would be taken in hand subject to approval and availability of funds. Capital Development Authority is, however, making efforts to arrange funds from its own sources so as the work is commenced during the current financial year (1993-94).

94. *Mr. Yusuf Shaheen: Will the Minister for Finance & Economic Affairs be pleased to state the position of the Country's Foreign Exchange Reserves and balance of payments?

Syed Babar Ali: There are two interlinked parts to this question. The first part relates to the level of foreign exchange reserves whereas the second part refers to the overall balance of payments situation. As regards the first part, I am pleased to inform the House that our foreign exchange reserves are now around $400 million which means a marked improvement over the levels experienced in late July or early August this year. However, we are taking all necessary measures to further shore up our reserves level and expect to reach the level of over $ one billion by the close of fiscal year 1993-94. As regards the second part of the question, the balance of payments came under severe pressure during 1992-93 mainly due to the continuation of the global recession, weak commodity prices and higher than expected import payments. Another contributory factor to the pressure on the balance of payments was the effect of the floods and the curl leaf virus on our cotton production which declined by 29% in 1992-93. As a consequence, our

current account deficit widened from $ 1499 million to $ 3346 million in 1992-93. The government is, however, taking all requisite measures to ease the pressure on the balance of payments and it is expected that the year 1993-94 will witness a significant improvement in our overall balance of payments position.

95. ***Mr. Yusuf Shaheen:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to inform the House as to how much money in terms of cash has untill now been generated from the privatisation of the state owned enterprises and industries?

Syed Babar Ali: A sum of Rs. 5.605 billion has been received in cash upto 31-7-1993 generated from privatisation of the industrial units.

96. **Mr. Subedar Khan Mandokhel:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to refer to the Finance Division (Regulation Wing) Office Memorandum No.F.6(11)Imp./91-Part-C(1), dated the 10th September, 1992 and state whether it is a fact that inspite of the re-adjustments in the pay of officials in B-1 to 16 by fixing the pay of senior officials at the next higher stage w.e.f. 1-6-1991, anomalies still exist in the pay of senior officials, if so, the steps taken by the Government to remove such anomalies?

Syed Babar Ali: Yes; Finance Division is resolving all such anomalies which are brought to its notice. It is a continous process.

97. ***Raja Muhammad Afzal Khan:** Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the amount of loans advanced to the residents of districts Jhelum under the self employment scheme of the ex-Prime Minister Nawaz Sharif; and

(b) whether it is a fact that Government has banned extending these

loans, if so, its reasons?

Syed Babar Ali: (a) A sum of Rs. 405.683 million has been lisbursed in Jhelum District under the Self-Employment Programme upto June, 1993.

(b) No.

98. ***Raja Muhammad Afzal Khan**: Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the total amount of loans granted under self-employment scheme of the ex-Prime Minister, Muhammad Nawaz Sharif with the total number of recepients; and

(b) the total amount of loans recovered so far?

Syed Babar Ali: (a) An amount of Rs. 3635.515 million has been disbursed to 27540 people under Self-Employment Programme since its introduction

(b) A sum of Rs. 109.347 million has been recovered by the concerned institutions upto June 30th, 1993.

UNSTARRED QUESTION AND ITS REPLY

1. **Mir Abdul Jabbar**: Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) the names and addresses of present owners to whom abandoned plots in Islamabad were allotted by the Board of Trustees of Abandoned properties organization; and

(b) the numbers of such disputed plots the cases of which are pending adjudication before the Administrator of Abandoned property Organization Islamabad?

Mr. Justice (Retd.) Abdul Shakurul Salam: (a) Board of Trustees of Abandoned Properties Organization has not allotted any plot.

(b) In view of reply at (a) there is no disputed plot relating to allotment made by Board of Trustees. However on plot taken over by Board of Trustees under Abandoned Properties Management act has been claimed by one Mr. Kalim Ahmad and the case is pending adjudication before the Deputy Administrator of Abandoned Properties Organization, Islamabad.

LEAVE OF ABSENCE

میڈم قائم مقام چیئرمین ، جناب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ محمد شفیق وزیر برائے تعلیم نے اطلاع دی ہے کہ وہ وزیر اعظم کے ساتھ مصروف ہیں تو اس لئے آج اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

ADJOURNMENT MOTIONS

میڈم قائم مقام چیئرمین، اب ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۷ ڈاکٹر محمد ریحان صاحب۔

i) ALLEGED MAL-PRACTICES COMMITTED IN THE SALE OF PRIZE BONDS

Dr Muhammad Rehan: Thank you very much, Madam Chairman. This is for your kind information that I beg leave of this august House to suspend its routine proceedings and take up for discussion this important matter of public interest because it has been alleged in the daily 'Mashriq' Peshawar that mal-practices are being committed by the State Bank of Pakistan in respect of the sale of Prize Bonds and their encashment.

Madam Acting Chairman: Mr. Aijaz Jatoi on point of order.

Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi: I had given a Privilege Motion

(ii) Re: Refund Of Money Who Were Refused Visas In 1990

Dr. Muhammad Rehan: It is, again, on the basis of a report published in the daily Frontier, Peshawar, in its issue of 26th June, 1993, that Paksitani students who had secured admissions in Australian Universities but were denied visas in 1990 are yet to get their refunds though three years have lapsed since then. This is, again, a matter of grave public concern and requires the immediate attention. It concerns the Federal Government and I beg that this House may be adjourned. It should suspend its proceedings and take it up for discussion.

Mr. Shakoorul Islam: I oppose the motion.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ ڈاکٹر ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان ۔ جناب والا' جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ "فرنٹیئر پوسٹ" اخبار اور دیگر اخبارات ' سب ہمارے ذمہ دار اخبارات ہیں ۔ وہ ہمیشہ قومی زندگی کے مسائل کو منظر عام پر لاتے ہیں پھر ہمارا فرض بنتا ہے کہ اس پر حکومت کی توجہ دلائیں ۔ اب جو 26 جون کو اخبار میں چھپا ہے پاکستانی طالب علموں کو آسٹریلین یونیورسٹی داخلہ تو مل گیا لیکن بعد میں ان کو ویزے نہیں ملے ۔ تین سال کا عرصہ گزر چکا ہے ابھی تک ان کر refund نہیں ملا ۔ یہ یقینا" ایک بہت بڑا موضوع بنتا ہے نوجوانوں کی زندگی کا معاملہ ہے ' پیسے ان کے ماں باپ کے خون پسینے کی کمائی ہے اگر ویزہ نہیں ملتا تو کم از کم ان کے پیسے تو واپس ہونے چاہئیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ضرور بحث ہونی چاہیئے ۔

Madam Acting Chairman: Mr. Shakoorul Salam, Minister for Justice and Law.

Justice (Retd.) Abdul Shakoorul Salam: Thank you Madam. 450 students who had got admissions in the Australian Universities but could

not get visas, filed claims for return of the amounts they had deposited towards the fee. The amounts of 439 students have been refunded after verification about their identity. If the applicant said that he had applied for admission, he had got admission, the amount of fee is to be returned to him. Out of 450 claims of 439 have already been settled. Only 11 claims remain unsettled for lack of identification. So, the 11 candidates who claim that they were the studnets who deposited the amounts, if they produce their identification efforts will be made for refund.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ ڈاکٹر ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان ۔ میں وزیر صاحب کے اس بیان سے مطمئن ہوں۔ انہوں نے جو بات کی ہے ، اچھی بات ہے .I appreciat e it لیکن یہ جو گیارہ لٹکے ہوئے ہیں ان کو بھی settle کریں ۔ اس بنیاد پر میں اپنی تحریک واپس لیتا ہوں۔

سید فصیح اقبال۔ پوائنٹ آف آرڈر ، محترمہ ، میں دست بستہ آپ سے گزارش کر رہا ہوں کہ میں کوئٹہ جا رہا ہوں ۔ جہاز میں بیس منٹ رہ گئے ہیں ۔ میرا ایک کال اٹینشن نوٹس ہے اگر ایوان چاہے تو میں اسے پیش کر دوں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ ایوان تو اجازت دیتا ہی نہیں ہے ۔ اس دن ایوان اقبال احمد خان صاحب کی رپورٹ بھی agree نہیں ہوا ۔ ایوان تو آج کل ایک دوسرے کو consider ہی نہیں کر رہا ہے

سید فصیح اقبال۔ شاید آج consider کرے ۔

میڈم قائم مقام چیئرمین ۔ کیا آپ لوگ فصیح اقبال صاحب کے Call Attention Notice کو out of turn لینے کے لئے agree ہوں گے؟

(Agreed)

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ میں سب اراکین سے یہی درخواست کروں گی کہ ایوان

سب اراکین کے ساتھ تعاون کیا کرے ۔ پرسوں اقبال احمد خان صاحب نے چاہا کہ out of turn report پیش کریں لیکن اس وقت ایوان کا attitude بڑا ہی عجیب سا رہا ہے ۔ جی سید فصیح اقبال صاحب item No.9۔

Call Attention Notice Re: Denial To Grant Concession In Freight Charges On The Export Of Fresh Fruit

Syed Faseih Iqbal: I draw the attention of the Minister for Commerce to a matter of sufficent public importance regarding :-

"The allelged denial of Government to allow the rebate of 25% in freight on the export of fresh fruit and vegetables in violation of the declared policy of the Government for the year 1992-93."

Madam Acting Chairman: Mr. Commerce Minisiter.

Dr. Hafeez A. Pasha: I oppose it.

میڈم قائم مقام چیئرمین ، سید فصیح اقبال ۔

سید فصیح اقبال ، میں عرض کرتا ہوں کہ حکومت پاکستان نے مئی ۱۹۹۲ کو ایک notification جاری کیا تھا Payment of 25% rebate subsidy on exports of fruits and vegetables shipped by PIA, PNSC. تو 1992-93 میں ہمارے سبزیوں اور پھلوں کے exporters نے پی آئی اے ، اور پی این ایس سی کے جہازوں سے گلف اور دیگر مغربی ممالک کو یہ چیزیں برآمد کی تھیں ۔ عرض یہ ہے کہ جتنے بھی exporters ہیں ہمارے متوسط طبقے کے ہیں جو پھل اور سبزیوں کا کاروبار کرتے ہیں ۔ آپ کے علم میں ہے کہ ہمارے ملک میں دو، تین ایسے صوبے ہیں جہاں پھل اور سبزیاں وافر مقدار میں ہوتی ہیں ۔ یہ perishable items ہیں ان میں بڑی کمپنیا ں نہیں آتی ہیں ۔ اس میں ہمارے چھوٹے اور درمیانے درجے کے exporters حصہ لیتے ہیں ۔ حکومت نے 1992 میں ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ۔ 1993 کی جو امپورٹ اور ایکسپورٹ پالیسی ہے وہ بھی آپ کو سنا دیتا ہوں ۔ سابق وزیر تجارت ملک محمد نعیم خان نے

حکومت پاکستان کی طرف سے اعلان کیا تھا

Freight subsidy upto 25% of the actual freight on export of fruits and vegetables shall be paid provided these goods are airlifted by PIA and shipped by PNSC vessels. This facility shall be admissible over and above the special rates for fruits and vegetables.

اس کے لئے انہوں نے modifications دے دی ہیں - اس کا 1992 notification میں نکلا -
اب یہ ہے کہ اس وقت کوئٹہ ' حیدر آباد ' پشاور اور کراچی کے جتنے esxporters ہیں وہ جب
پی آئی اے سے rebate مانگتے ہیں تو انہیں پی آئی اے والے کہتے ہیں کہ ابھی تک حکومت
نے کوئی mechanism devise نہیں کی یعنی وہ اس کو deny نہیں کر رہے ہیں کہ
نوٹیفکیشن نہیں ہے کہتے ہیں فیصلہ تو ہوا ہے لیکن حکومت نے یہ نہیں جتایا کہ اس کا پیسہ
حکومت کس طرح سے ادا کرے گی - اس طرح لوگوں کے کروڑوں روپے freight میں پھنسے
ہوئے ہیں اور اس میں 25 % subsidy کی وجہ سے انہوں نے بالکل ایسے break even پہ
rates دیئے ہیں یعنی ان کا بھارت سے مقابلہ ہے ان کا دوسرے ملکوں سے مقابلہ ہے - ہماری
سبزیاں اور پھل اول تو آپ کو علم ہے کہ ہماری چارٹرڈ سروسسز نہیں ہیں کوئٹہ سے ' کراچی سے
جانا ہے - کراچی سے ہوائی جہاز جاتا ہے یا ship جاتا ہے آپ اندازہ کریں کہ کتنا مال بیچ میں
بیکار ہو جاتا ہے ان کے جو کروڑوں روپے کے بل پھنسے ہوئے ہیں صرف اس وجہ سے کہ حکومت
نے ابھی تک revised mechanism نہیں کی - میں سمجھتا ہوں کہ یہ وزارت تجارت کا فرض
ہے کہ جب انہوں نے نوٹیفکیشن نکالا تھا تو وہ طریقے بھی بتا دیتے جن سے ان کو freight واپس
ہوتا- اب وہ تمام درخواستیں پی آئی اے اور پی این ایس سی میں پڑی ہوئی ہیں اور اب تک
وہ کروڑوں روپیہ لوگوں کا پڑا ہوا ہے -

Dr. Hafeez A. Pasha: Madam Chairperson, I would like to emphasize that the Caretaker Government attaches a a great deal of importance to the ara of export promotion. We have had a specially difficult year, first year, when our exports actually declined in dollar terms by about 2%, and our trade deficit had widened. We are keen to ensure that all lelgitimate incentives

hould be provided to our exports. The particualr item referred to is the rebate f 25% in the freight on the export of fresh fruit and vegetables. This is a articular concern, of course, to the Province of Baluchistan which has an xportable surplus and the Caretaker Government would want to attach high riority to this subsidy.

In this connection we have already finalized the procedures for the eimbursement of this cost through the agents operating for the PIA and the NSC and suitable procedures have been actually laid down by the Export romotion Bureau. As a matter of urgency, I have convened the meeting of he export development fund which is to fund this subsidy. This meeting is cheduled for the 26th of August this month and we hope *Insha-Allah* that uring this meeting we will be able to finalize the decision regarding the ayment of 25% freight subsidy on fruits and vegetables.

Madam Acting Chairman: Thank you. Call Attention Notice alked out.

Now the House is adjourned to meet again on Sunday, the 22nd August, at 5.30 PM.

Thank you.

[The House then adjourned to meet again in the evening at 5.30 on Sunday, the 22nd August, 1993]